روزنامہ
تعمیر وطن
کوئٹہ
★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
Daily Tameer-e-Watan Quetta
جلدنمبر27......شمارہ نمبر296 بروز جمعہ 24 جولائی 2026ء 8 صفر 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8)
کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

والبندین، چارسر کے مقام پرنامعلوم مسلح افراد نے بوزر گاڑی کو آگ لگادی

دالبندین (آن لائن) دالبندین کے علاقے چارسر کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے بوزر گاڑی کو آگ لگا دی۔ پولیس ذرائع کے مطابق کوئٹہ سے تفتان جانے والی بوزر گاڑی کو کوئٹہ ۔ دالبندین شاہراہ پر چارسر کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے نذر آتش کر دیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے

اسحاق ڈار شنگھائی تعاون تنظیم وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کیلئے کرغزستان روانہ

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار آسیان ریجنل فورم کے 33 ویں اجلاس میں شرکت کے بعد شنگھائی تعاون تنظیم کی وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس میں شرکت کے لیے کرغزستان روانہ ہوگئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ ایس سی او کونسل آف فارن منسٹرز کے اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے۔ دورے کے دوران اسحاق ڈار ایس سی او کے رکن ممالک کے اپنے ہم منصبوں سے اجلاس کے موقع پر دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے

گرفتار ہونے والوں میں سہولت کاروں کے علاوہ مرد اور خواتین خودکش بمبار بھی شامل ہیں، جو دہشت گرد تنظیم کے مذموم عزائم کا واضح ثبوت ہے، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی

دہشتگردی کے ہر نیٹ ورک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائیگا، وزیراعلیٰ بلوچستان

دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں یہ ایک اہم کامیابی ہے اور حکومت بلوچستان دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں یہ ایک اہم کامیابی ہے اور حکومت بلوچستان دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے تک اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے چھ دہشت گردوں کو ہلاک کیا، جبکہ خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کیے گئے آپریشن کے دوران متعدد دہشت گردوں کو گرفتار بھی کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ گرفتار ہونے والوں میں سہولت کاروں کے علاوہ مرد اور خواتین خودکش بمبار بھی شامل ہیں، جو دہشت گرد تنظیم کے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ پر حملہ درحقیقت ریاست پاکستان اور قانون کی عملداری پر حملہ ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین کی شہادت کے واقعے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ پر حملہ درحقیقت ریاست پاکستان اور قانون کی عملداری پر حملہ ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

وکلاء اور ججز کو نشانہ بنانا ایک گہری اور منظم سازش کا حصہ ہے، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے مستونگ میں دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین کی شہادت کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قانون (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

بابر یوسفزئی کا ٹراما سینٹر ہسپتال میں زخمی ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری کی عیادت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت اور وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو کی ہدایت پر معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے ٹراما سینٹر ہسپتال میں زخمی ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری کی عیادت کی اور ان کے علاج و (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

ایڈیشنل سیشن جج سمیت 2 افراد زخمی ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس انتظامیہ اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی

وزیراعلیٰ بلوچستان نے ان کی خیریت دریافت کی ان کی حالت بہتر ہے۔ واقعے کے بعد علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی

فیلڈ مارشل کا بلوچستان میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس سیکورٹی فورسز اور مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے ولی خان پھاٹک کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی کوئٹہ سے مستونگ جانے والے سیشن جج مستونگ کی گاڑی پر فائرنگ کے نتیجے میں سیشن جج اور ان کا گن مین موقع پر جاں بحق جبکہ ایڈیشنل سیشن جج سمیت 2 افراد زخمی ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس انتظامیہ اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز سیشن جج مستونگ (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

راولپنڈی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا 20 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء کیساتھ گروپ فوٹو

مستونگ میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن، 6 دہشت گرد جہنم واصل، متعدد گرفتار

خواتین خودکش بمبار اور سہولت کار بھی گرفتار، کمین گاہیں تباہ، اسلحہ و گولہ بارود برآمد

امن و امان کے قیام تک ایسی کارروائیاں بلاتعطل جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے چھ دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ آپریشن میں متعدد مشتبہ افراد کو گرفتار بھی کیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران دہشت گردوں کی کمین گاہیں تباہ کر دی گئیں، بھاری مقدار میں (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

گورنر بلوچستان کا مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور انکے گن مین کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے مستونگ میں قومی شاہراہ پر فائرنگ کے واقعے میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور انکے گن مین کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ دہشتگردانہ حملے میں جوڈیشل مجسٹریٹ طارق لاشاری اور ایک اور شخص (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

پاکستان کی آئی ٹی برآمدات 4.6 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

ڈیجیٹل انفراسٹرکچر مزید بہتر بنانے اور تربیتی پروگراموں کا معیار یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت آئی ٹی شعبے کے اسٹریٹجک روڈ میپ پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں پاکستان کی سالانہ آئی ٹی برآمدات میں 21 فیصد اضافے کے ساتھ 4.6 ارب امریکی ڈالر تک پہنچنے پر وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ خواجہ اور متعلقہ ٹیم کی کارکردگی کو سراہا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کریگی، سید نجمی عالم

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر برائے کچی آبادی و پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کے سینئر رہنما سید نجمی عالم نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کریگی بلوچستان میں بھی (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

سرفراز بگٹی کا زخمی ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سے ٹیلی فون پر رابطہ

خیریت دریافت کی، جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور ان کی مزاج پرسی اور عیادت کی اور یقین دلایا کہ مکمل صحت یابی تک آپ کا مکمل خیال رکھا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قانون اور انصاف کے محافظوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ حکومت بلوچستان دہشت گردی کے اس (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

کوئٹہ، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر مختلف تھانوں سریاب، کچہری بیگ، شالکوٹ اور ایئرپورٹ کا دورہ کر رہے ہیں

نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے ملاقات، قومی اتحاد، ترقی اور بلوچستان میں پائیدار امن پر زور بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال، قومی یکجہتی اور ترقیاتی اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

مستونگ، سیشن جج کی گاڑی پر فائرنگ سے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کا گن مین جاں بحق

بلوچستان پاکستان کا فخر اور قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، جبکہ صوبے کے محب وطن، باصلاحیت اور ثابت قدم عوام اس کی سب سے بڑی طاقت ہیں، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا خطاب

سیکورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عوام کی مشترکہ کوششوں سے بلوچستان میں پائیدار امن کا قیام یقینی بنایا جائیگا، جی ایچ کیو میں 20 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے ملاقات میں گفتگو

راولپنڈی (آن لائن) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) میں 20 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال، قومی یکجہتی اور ترقیاتی اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ سیکورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عوام کی مشترکہ کوششوں سے بلوچستان میں پائیدار امن کا قیام یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں مکمل عزم کے ساتھ جاری رہیں گی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے رکن بلوچستان اسمبلی حاجی فضل قادر ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان محکمانہ امور کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یہ بات حوصلہ افزاء ہے کہ کوئٹہ شہر میں موجودہ حکومت کے دوران کئی قابل ذکر ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے ہیں

کوئٹہ محض ایک شہر نہیں بلکہ یہ پورے صوبے کا چہرہ ہے، گورنر بلوچستان

ضروری ہے کہ تمام متعلقہ صوبائی وزراء کوئٹہ شہر کی حقیقی ترقی، اسکی خوبصورتی اور تاریخی ساکھ کی بحالی پر اپنی توجہ مرکوز کریں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ کوئٹہ محض صوبائی دارالحکومت نہیں ہے بلکہ یہ پورے صوبے کا چہرہ ہے۔ کوئٹہ ایک بھرپور تاریخ، منفرد شہرکاری اور انوکھا قدرتی حسن سے نوازا شہر ہے لہٰذا ضروری ہے کہ تمام متعلقہ صوبائی وزراء کوئٹہ شہر کی حقیقی ترقی، اسکی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

صدر زرداری کی مستونگ حملے کی شدید مذمت

صدر مملکت کا سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی شہادت پر اظہار افسوس

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان کے ضلع مستونگ کے قریب سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور جوڈیشل مجسٹریٹ طارق لاشاری پر ہونے والے فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

مستونگ میں شہید ہونے والے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ میں دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعے میں شہید ہونے والے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی، جس کے بعد انہیں سپرد (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

دکی، نامعلوم ملزمان نے بارودی مواد سے تھانہ ترین کو اڑا دیا

کوئٹہ (آن لائن) دکی کے علاقے میں نامعلوم ملزمان نے بارودی مواد سے تھانہ ترین کو اڑا دیا جس سے دیواریں اور کمرے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

نواب ثناءاللہ زہری کا بلوچستان میں امن و امان کی ابتر صورتحال پر اظہار تشویش

فرض شناس افسر کو نشانہ بنانا نہ صرف انتہائی بزدلانہ بلکہ ریاستی اداروں اور نظام انصاف پر حملہ ہے

کراچی / کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے بلوچستان میں امن و امان کی ابتر صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ، ان کے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

حکومتی فیصلوں سے اراکین اسمبلی متاثر ہونے کے باوجود ان کی خاموشی باعث تشویش ہے، رکن صوبائی اسمبلی کی بات چیت

عوامی نمائندوں کو اعتماد میں لئے بغیر انتظامی تبدیلیاں کی گئیں ہے، اسلم رئیسانی

بلوچستان کا مسئلہ انتظامی وزیراعلیٰ کی تبدیلی سے نہیں بلکہ سیاسی انداز میں حل ہوگا اور نئے عمرانی معاہدے سے ہی مسائل کا حل ممکن بنایا جاسکتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان رکن صوبائی اسمبلی چیف آف سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی نے کہا ہے کہ حکومتی فیصلوں سے اراکین اسمبلی متاثر ہونے کے باوجود ان کی خاموشی باعث تشویش ہے بلوچستان کا مسئلہ انتظامی وزیراعلیٰ کی تبدیلی سے نہیں بلکہ سیاسی انداز میں حل ہوگا اور نئے عمرانی معاہدے سے ہی مسائل کا حل ممکن بنایا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو بلوچستان (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے مختلف وفود کی ملاقاتیں

امن و امان، معدنی وسائل، بین المذاہب ہم آہنگی، سماجی فلاح اور کشمیر کاز کے فروغ پر زور

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے پارلیمنٹ ہاؤس میں مختلف سرکاری، سماجی، فلاحی اور پیشہ ورانہ شعبوں سے تعلق رکھنے والے وفود نے (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

المناک واقعے نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے، وزیر خزانہ

ذمہ داروں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائیگا، میر شعیب نوشیروانی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے مستونگ میں پیش آنے والے فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سیشن جج (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

حکومت مستونگ المناک سانحے میں شہداء کے اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے، نوابزادہ امیر حمزہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی گاڑی پر دہشت گردانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پر عزم ہیں، وزیراعظم

سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور جوڈیشل مجسٹریٹ طارق لاشاری پر فائرنگ کے واقعے کی مذمت

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مستونگ کے قریب سے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور جوڈیشل مجسٹریٹ طارق لاشاری پر فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے واقعے میں سیشن جج عبدالحکیم اور انکے گن مین کے جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس کیا ہے وزیراعظم نے مرحومین کی بلندی درجات کی دعا اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کیا۔ وزیراعظم نے زخمی ہونے والے جوڈیشل مجسٹریٹ جج طارق لاشاری اور دیگر افراد کی جلد صحت یابی کی دعا کی اور کہا کہ ایسی بزدلانہ کارروائیوں سے دہشت گرد کبھی اپنے مقصد میں کامیاب (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

2 ہزار یہودی مسجد اقصیٰ کے احاطے میں زبردستی داخل ہوگئے، نمازیوں کا داخلہ روک دیا

مقبوضہ بیت المقدس (آن لائن) مقبوضہ مشرقی القدس میں جمعرات کی صبح تقریباً 2300 اسرائیلی آبادکار مسجد اقصیٰ کے (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

وفاقی ٹیکس استثنیٰ ختم کرنے کے فیصلے کو یکسر مسترد کرتے ہیں، سید نصیب اللہ آغا

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان میڈیکل سٹور ایسوی ایشن کے صدر (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

نقصانات کا ازالہ کرنے کیلئے فوری طور پر سروے کیا جائے، پشتونخوامیپ ژوب

حالیہ طوفانی بارشوں کے نتیجے میں ہونیوالے نقصانات پر دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہیں

ژوب (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی پریس ریلیز میں حالیہ طوفانی بارشوں کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ اور سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ چند روز قبل طوفانی بارشوں کے نتیجے میں اکاخیل قبیلے کے کئی افراد شہید ہوئے تھے، جبکہ حالیہ بارشوں میں کلی تورہ خلہ میں ایک معصوم بچہ شہید اور متعدد افراد زخمی ہوئے ہیں۔ اسی طرح کلی تورہ خلہ، بادنزئی، پلان حرمزئی، شہر کے مختلف علاقوں، مینہ جات، دور دراز دیہی علاقوں، زرعی زمینوں او (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

امریکی حملے جاری رہے تو نئی حکمت عملی اپنائیں گے، ایران نے خبردار کر دیا

تہران (آن لائن) ایران نے خبردار کیا ہے کہ امریکی حملے جاری رہے تو نئی حکمت عملی اپنائیں گے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق ایران کی مسلح افواج کے ترجما (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے نصراللہ مندوخیل کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کی بنیاد ہے، آسیان ریجنل فورم سے خطاب

پاکستان مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کی اپنی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا

اسحاق ڈار

بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے اور اس سے متعلق یکطرفہ اقدامات تشویشناک ہے

منیلا (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے تنازع کا اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق منصفانہ حل ہی جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کی بنیاد ہے، جبکہ پاکستان مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کی اپنی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا۔ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے اور اس سے متعلق یکطرفہ اقدامات نہ صرف تشویشناک اور اشتعال انگیز ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

محمد طاہر کا کوئٹہ شہر کے مختلف تھانوں کا دورہ

عوام کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، بات چیت

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ موجودہ حالات کے دوران پولیس دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں عوام کے جان و مال کے تحفظ اور قانون کی عملداری کے لئے ہر اول دستے کے طور پر اپنی ذمہ داری نبھا رہی ہے اور پولیس جوان فرائض کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ شہریوں کے حقوق اور عزت نفس کے احترام کو ملحوظ خاطر رکھیں کیونکہ پولیس عوام کی حفاظت کے لئے ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ کے مختلف تھانوں کا دورہ کیا اور سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت، ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء مندوخیل اور دیگر پولیس افسران بھی ان کے ہمراہ تھے

چاغی کے رہائشیوں کے شناختی کارڈ بلاک ہونے کا معاملہ، محمد صادق سنجرانی کا چیئرمین نادرا کو خط

کوئٹہ (آن لائن) رکن بلوچستان اسمبلی اور سابق چیئرمین سینیٹ محمد صادق خان سنجرانی نے ضلع چاغی کے سرحدی علاقوں کے رہائشیوں کے قومی شناختی کارڈز بلاک ہونے کے معاملے پر چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو ایک تفصیلی خط ارسال کر دیا ہے۔ اپنے خط میں محمد صادق خان سنجرانی نے چیئرمین نادرا کی توجہ اس (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

بلوچستان میں امن و امان کا قیام ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، جمال رئیسانی

معزز جج کو نشانہ بنانا انصاف کے نظام کو خوفزدہ کرنے کی ایک مذموم کوشش ہے، رکن اسمبلی

بلوچستان میں امن و امان کا قیام ریاست کی اولین ذمہ داری ہے

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و ایم این اے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ریاست، عدلیہ اور قانون کی بالادستی پر حملہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معزز جج کو نشانہ بنانا انصاف کے نظام کو خوفزدہ کرنے کی ایک مذموم کو (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

ججز اور سیکیورٹی اہلکاروں کی قربانیاں ہمیشہ قوم کیلئے باعث فخر رہیں گی، بلال مندوخیل

دہشتگردی کا یہ سفاک واقعہ بلوچستان کے امن، عدالتی نظام اور ریاستی اداروں پر حملہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے

بے گناہ اور فرض شناس سرکاری افسران اور ان کی حفاظت پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانا دہشتگردوں کی بزدلی اور انسانیت دشمن سوچ کا عکاس ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر رہنما، سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے مستونگ میں قومی شاہراہ پر دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں سیشن جج عبدالحکیم خان کاکڑ اور ان کے گن مین زمان جان کی شہادت پر گہرے دکھ، افسوس اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کا یہ سفاک واقعہ بلوچستان کے امن، عدالتی نظام اور ریاستی اداروں پر حملہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

سانحہ زیارت بلاشبہ پشتون تاریخ کے ان خونریز اور المناک واقعات میں شمار ہوگا

اصغر خان اچکزئی

وسائل پر تسلط اور عوام کو تقسیم کر کے کمزور کرنا تھا آج ہر باشعور پشتون مرد و عورت پر یہ حقیقت واضح ہو چکی ہے

عظیم شہدا کی لازوال قربانیوں نے پشتون قوم میں شعور اتحاد اتفاق اور اجتماعی جدوجہد کے جذبے کو نئی توانائی بھی بخشی ہے

کوئٹہ / زیارت / لورالائی (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ سانحہ زیارت بلاشبہ پشتون تاریخ کے ان خونریز اور المناک واقعات میں شمار ہوگا جس نے درجنوں خاندانوں سے ان کے پیارے چھین لیے اور پورے خطے کو غم و اندوہ میں مبتلا کر دیا تاہم ان عظیم شہدا کی لازوال قربانیوں نے پشتون قوم میں شعور اتحاد اتفاق اور اجتماعی جدوجہد کے جذبے کو نئی توانائی بھی بخشی ہے جو (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

روزنامہ
تعمیر وطن
• ABC CERTIFIED •
TAMEER-E-WATAN

مستونگ واقعہ ذمہ داروں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائیگا

صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے مستونگ میں پیش آنے والے فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین محمد زمان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ اس المناک واقعے نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے۔ انہوں نے شہداء کی وطن اور ریاست کے لیے خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، انہیں اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے میر شعیب نوشیروانی نے فائرنگ کے واقعے میں زخمی ہونے والے ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت تمام زخمی افراد کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنایا جائے گی انہوں نے کہا کہ شہداء کے اہل خانہ کے غم میں ہم برابر کے شریک ہیں اور اس دکھ کی گھڑی میں ہماری تمام تر ہمدردیاں ان کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں۔۔ صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ ذمہ داروں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ 01

مذموم عزائم کا واضح ثبوت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کی متعدد کمین گاہیں تباہ کی گئیں اور ان کے ٹھکانوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا، جو سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر انٹیلیجنس کو ظاہر کرتا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حالیہ دہشت گرد کارروائیوں کے بعد مستونگ اور گردونواح میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز مزید مؤثر اور تیز کیے گئے ہیں، جبکہ علاقے میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے تاکہ کسی بھی دہشت گرد کو فرار ہونے کا موقع نہ مل سکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے لیے کوئی محفوظ پناہ گاہ نہیں رہے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور دہشت گردی کے ہر نیٹ ورک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا وزیر اعلیٰ نے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان وفاقی حکومت اور تمام سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ذریعے دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 02

عبدالحکیم کاکڑ اپنے گن مین اور ڈرائیور کے ڈیوٹی پر مستونگ جا رہے تھے کہ ولی خان پھاٹک کے قریب ان کی گاڑی پر مسلح افراد نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں سیشن جج مستونگ عبدالحکیم کاکڑ اور گن مین زمان جان موقع پر جاں بحق جبکہ فائرنگ سے ایڈیشنل سیشن جج مستونگ طارق لاشاری سمیت 2 افراد شدید زخمی ہوئے واقعہ سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس سیکورٹی فورسز اور مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی جبکہ ایڈیشنل سیشن جج مستونگ طارق لاشاری کو ابتدائی طبی امداد کے کوئٹہ ریفر کردیا گیا جہاں پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ان کی خیریت دریافت کی اور ان کی حالت بہتر ہے۔ واقعے کے بعد علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی گئی۔ یاد رہے کہ سیشن جج مستونگ عبدالحکیم کاکڑ برشور توبہ کاکڑی کے رہائشی ہیں۔

بقیہ 03

وزیر اعظم نے کہا کہ آئی ٹی برآمدات میں نمایاں اضافہ حکومت کی ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کے لیے اختیار کی گئی مؤثر پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک میں آئی ٹی سیکٹر کی ترقی اور برآمدات میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ آئی ٹی کے شعبے میں کرائے جانے والے تمام تربیتی کورسز کی معتبر تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنائی جائے اور تربیت کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے ملک بھر میں ڈیجیٹل انفراسٹرکچر مزید بہتر بنانے کی بھی ہدایت دی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ جون 2025 میں 274 میگا ہرٹز کے مقابلے میں جون 2026 تک موبائل اسپیکٹرم 880 میگا ہرٹز تک پہنچ گیا ہے، جس سے انٹرنیٹ کی رفتار اور کنیکٹیویٹی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ اجلاس کو "کنیکٹ پاکستان وژن 2030" کی تیاریوں سے بھی آگاہ کیا گیا، جبکہ بتایا گیا کہ آزاد جموں و کشمیر کے ضلع باغ میں سافٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک مکمل ہو چکا ہے۔ بریفنگ کے مطابق پاکستان میں اسمارٹ فون استعمال کرنے والوں کی شرح 2024 میں 62 فیصد سے بڑھ کر جون 2026 میں 72 فیصد ہو گئی ہے، جبکہ 5.1 ملین گھروں کو فکسڈ براڈ بینڈ اور فائبر کنکشن فراہم کیے جا چکے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ گزشتہ مالی سال آئی ٹی برآمدات میں فری لانسرز کا حصہ 1.1647 ارب امریکی ڈالر رہا، جبکہ ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام کے تحت حکومت کی 130 خدمات کو ڈیجیٹل بنایا جا چکا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران 9 لاکھ 42 ہزار 646 تربیتی سرٹیفکیٹس جاری کیے گئے، 5,053 ہائی اینڈ تربیتی پروگرام منعقد ہوئے اور لیڈرشپ و سافٹ اسکلز سے متعلق 2,700 تربیتی سیشنز کا انعقاد کیا گیا۔ مزید بتایا گیا کہ ویمن انوویشن اینڈ اسٹارٹ اپ ایمپاورمنٹ لیب کا افتتاح بھی جلد کیا جائے گا۔ بریفنگ میں یہ بھی بتایا گیا کہ چینی کمپنی علی باب کے ساتھ مفاہمتی یادداشت کے تحت وفاقی حکومت کی مختلف وزارتوں اور اداروں میں مصنوعی ذہانت (AI) کے منصوبوں پر کام جاری ہے۔ ان اداروں میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، فیڈرل بورڈ آف ریونیو، وزارت ریلوے، اوگرا، پاکستان پوسٹ، پاکستان سنگل ونڈو، ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی، ہائیر ایجوکیشن کمیشن اور دیگر ادارے شامل ہیں، جہاں مصنوعی ذہانت کے نفاذ اور تربیتی پروگراموں پر پیش رفت جاری ہے۔ اجلاس میں وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر آئی ٹی و ٹیلی کام شزا فاطمہ خواجہ، وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 04

شدید زخمی بھی ہوا۔ گورنر نے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ ملوث دہشت گردوں کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کریں اور ان کی جلد از جلد گرفتاری اور قانونی کارروائی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ گورنر مندوخیل نے شہید ہونے والوں کی روح کے ایصال ثواب اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔

بقیہ 05

کشمیر الیکشن مہم کو تیز کیا جائے اور ووٹرز سے قریبی رابطہ رکھیں تاکہ پارٹی کے امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرایا جاسکے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی مرکزی صدر فریال تالپور کی ہدایت پر کوئٹہ کے ایک روزہ دورے کے موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی صدر و ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی وفد میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سید اقبال شاہ، پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی سیکرٹری اطلاعات کرن بلوچ شامل تھیں۔ ملاقات کے دوران کشمیر کے انتخابات میں پارٹی امیدواروں کی کامیابی سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر برائے نجی آبادی سید نجمی عالم نے پیپلز پارٹی خواتین ونگ بلوچستان کی عہدیداروں کو کشمیر کے انتخابات کے حوالے سے اہم ذمہ داریاں سونپی اور پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی سیکرٹری اطلاعات کرن بلوچ، کلثوم افتخار، نرگس اقبال کو فوکل پرسن مقرر کیا گیا اور کشمیر الیکشن کمپین مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے سید نجمی عالم نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے انتخابات میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، فریال تالپور اور آصفہ بھٹو کی قیادت میں بھرپور حصہ لے رہی ہے اور انشا اللہ پیپلز پارٹی کے امیدوار بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے کارکن آزاد کشمیر کے انتخابات میں پارٹی امیدواروں کی کامیابی کیلئے بلوچستان میں آباد کشمیری ووٹرز سے قریبی رابطہ رکھیں۔

بقیہ 06

بزدلانہ واقعے میں ملوث عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر منطقی انجام تک پہنچایا جائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت عدلیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور تمام ریاستی اداروں کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ذریعے ریاستی اداروں کو مرعوب کرنے کی ہر سازش ناکام بنائی جائے گی اور بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رہیں گے وزیر اعلیٰ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت تمام زخمیوں کو جلد مکمل صحت عطا فرمائے اور شہداء کے درجات بلند فرمائے۔

بقیہ 07

جبکہ دہشت گردی اور اس کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے تک آپریشنز بلاتعطل جاری رکھے جائیں گے۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ پاکستان اور عوام کے لیے خطرہ بننے والے دہشت گرد نیٹ ورکس کا ہر صورت خاتمہ کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ بیرونی سرپرستی میں چلنے والے پراکسی عناصر مسلسل بلوچستان میں بدامنی اور عدم استحکام پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں، تاہم مسلح افواج اور

پاکستانی عوام کے اتحاد، استقامت اور عزم سے دشمن کے تمام مذموم عزائم ناکام بنائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا فخر اور قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، جبکہ صوبے کے محب وطن، باصلاحیت اور ثابت قدم عوام اس کی سب سے بڑی طاقت ہیں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس بات پر زور دیا کہ وفاق اور صوبائی حکومتوں کے ترقیاتی منصوبے بلوچستان کی سماجی و معاشی ترقی کے لیے جامع حکمت عملی کے تحت جاری ہیں، جن سے عوام کی خوشحالی اور استحکام کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے قومی یکجہتی کے فروغ میں سول سوسائٹی، جامعات، میڈیا اور نوجوانوں کے مثبت کردار کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے روشن مستقبل کے لیے قومی اتحاد، استقامت اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء نے پاکستان کے استحکام، ترقی اور خودمختاری کے لیے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 08

خوبصورتی اور تاریخی ساکھ کی بحالی پر اپنی توجہ مرکوز کریں۔ یہ بات حوصلہ افزاء ہے کہ کوئٹہ شہر میں موجودہ حکومت کے دوران کئی قابل ذکر ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے ہیں تاہم کوئٹہ کے باسیوں کو معیاری تعلیم، صاف پانی کی فراہمی اور صحت عامہ کے بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہمیں مزید مشترکہ کوششیں کرنی ہوگی۔ یہ بات انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما، مصلح الدین مینگل کی قیادت میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ ہر شہری کے بنیادی حقوق ہیں اور ایک صحت مند اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہیں۔ کوئٹہ شہر کی رونقیں بحال کرنے میں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز اور ایم پی ایز علاوہ دیگر متعلقہ محکمے حقیقی ترقی، خوشحالی اور بہبود میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں۔ مربوط منصوبہ بندی، شفافیت، احتساب اور ترقیاتی منصوبوں کے مؤثر نفاذ کے ذریعے شہر کی خوشحالی میں دیرپا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ پائیدار ترقی تبھی برقرار رکھی جا سکتی ہے جب حکومتی ادارے اور عوام ایک ساتھ کام کریں۔ صفائی ستھرائی کو برقرار رکھنے اور عوامی بنیادی ڈھانچے کی حفاظت کیلئے شہری ذمہ داری، ماحولیاتی آگاہی اور عوام کی شرکت شمولیت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئٹہ شہر مزید ترقی کرتا ہے تو اس سے پورے صوبے کا اعتماد مضبوط ہوگا۔ اگر کوئٹہ صاف ستھرا، خوبصورت اور منظم ہے تو یہ بلوچستان کے ہر ضلع پر مثبت انداز میں جھلکے گا۔ اس خیال کو حقیقت میں بدلنے کیلئے ہمیں اپنے اجتماعی عزم کی تجدید کرنے ہوگی۔

بقیہ 09

خاک کر دیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے اسٹاف آفیسر سید امین کے مطابق نماز جنازہ اور تدفین میں صوبائی وزراء، مشیران، اراکین صوبائی اسمبلی، اعلیٰ سول و عسکری حکام، عدلیہ سے تعلق رکھنے والی شخصیات، وکلا برادری اور معززین علاقہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر شہید ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی وطن اور قانون کی بالادستی کے لیے خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا جبکہ ان کے درجات کی بلندی اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی سید امین نے بتایا کہ نماز جنازہ اور تدفین کے موقع پر سیکیورٹی کے خصوصی اور سخت انتظامات کیے گئے تھے حکومت بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ قانون کے محافظوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد اور ان کے سہولت کار اپنے انجام سے نہیں بچ سکیں گے اور صوبے میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی اداروں کی کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔

بقیہ 10

منہدم ہوگئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا بتایا جاتا ہے کہ گزشتہ روز دکی میں پولیس تھانہ ترین پر مسلح افراد نے حملہ اور بارودی مواد سے کمروں اور دیواروں کو گرا دیا تھانے میں نفری نہ ہونے کی وجہ سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا یاد رہے کہ چند روز قبل تھانہ ترین پر حملے میں ایک اہلکار شہید اور 3 اہلکار زخمی ہوئے تھے۔ حملے کے بعد مذکورہ تھانہ کو خالی کر دیا گیا تھا۔

بقیہ 11

محافظ اور دیگر بے گناہ شہریوں کی شہادت پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا ہے سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری نے زخمی ایڈیشنل سیشن جج، ڈرائیور اور دیگر زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ سیشن جج قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانے اور اپنے آئینی و پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے لیے جا رہے تھے۔ ایسے فرض شناس افسر کو نشانہ بنانا نہ صرف انتہائی بزدلانہ بلکہ ریاستی اداروں اور نظام انصاف پر حملہ ہے، جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آئے روز ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے، دہشت گردی، قومی شاہراہوں کی بندش، مسافروں پر حملوں اور لوٹ مار جیسے واقعات میں اضافہ باعث تشویش ہے۔ ایسے حالات صوبے کے عوام میں عدم تحفظ کے احساس کو مزید گہرا کر رہے ہیں، جس کا فوری تدارک ناگزیر ہے سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر مؤثر اقدامات کیے جائیں اور دہشت گرد عناصر و امن دشمن قوتوں کے خلاف بلاامتیاز اور فیصلہ کن کارروائی عمل میں لائی جائے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے پرامن عوام کو دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے کہ عوام کو تحفظ فراہم کرے، شاہراہوں کو محفوظ بنائے اور امن و امان کی مکمل بحالی کے لیے ٹھوس اور دیرپا اقدامات کرے۔

بقیہ 12

مین کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت نے شہداء ؒ کے درجات کی بلندی، ان کے لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی، جبکہ زخمی ہونے والے جوڈیشل مجسٹریٹ طارق لاشاری اور دیگر زخمی افراد کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ شہداء ؒ کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور پاکستان دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گا۔ صدر مملکت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم ملک دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، جبکہ دہشت گرد اور ان کے سہولت کار پاکستان کے امن، استحکام اور ریاستی اداروں کے عزم کو ہرگز کمزور نہیں کر سکتے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے اور ملک میں امن کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 13

بلکہ ان سے 25 کروڑ پاکستانیوں کے مفادات متاثر ہو سکتے ہیں۔ آسیان ریجنل فورم کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان علاقائی امن، استحکام اور تعاون کے فروغ کے لیے آسیان ریجنل فورم کے ساتھ بھرپور تعاون کا خواہاں ہے اور منیلا پلان آف ایکشن 2036 پر مؤثر عملدرآمد کی حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ عالمی اور علاقائی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مؤثر کثیرالجہتی تعاون ناگزیر ہے اور عالمی برادری کو بین الاقوامی قانون کے تحفظ اور تنازعات کے پرامن حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے اور اس سے متعلق یکطرفہ اقدامات نہ صرف تشویشناک اور اشتعال انگیز ہیں بلکہ ان سے 25 کروڑ پاکستانیوں کے مفادات متاثر ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ بین الاقوامی معاہدوں کا احترام علاقائی استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ دہشتگردی عالمی امن و سلامتی کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے، پاکستان دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں دے چکا ہے اور 90 ہزار سے زائد جانوں کی قربانی دی ہے، تاہم ملک ہر قسم کی دہشتگردی کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھے گا۔ اسحاق ڈار نے اس بات پر بھی زور دیا کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف دہشتگردی کے لیے استعمال نہیں ہونی چاہیے، جبکہ افغانستان میں امن سے علاقائی تجارت، روابط اور ترقی کو فروغ ملے گا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان نے خلیجی خطے میں امن و استحکام کے لیے فعال سفارتی کردار ادا کیا اور امریکا و ایران کے درمیان مذاکراتی عمل میں سہولت کاری بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں ہونے والے مفاہمتی عمل نے خطے میں امن کے لیے ایک اہم موقع فراہم کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام فریق تحمل کا مظاہرہ کریں اور سفارتکاری و مکالمے کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کریں، کیونکہ خودمختاری، باہمی احترام اور بات چیت ہی مشترکہ اور پرامن مستقبل کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے غزہ کی انسانی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا اور 1967 سے پہلے کی سرحدوں پر مشتمل ایک آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کا حامی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے اور دنیا میں امن، استحکام اور بین الاقوامی قوانین کے احترام کے فروغ کے لیے اپنی سفارتی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 14

اہم عوامی مسئلے کی جانب مبذول کراتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ ضلع چاغی کے سرحدی علاقوں کے رہائشیوں کے قریبی رشتہ دار اور دیرینہ سماجی روابط ایران اور افغانستان میں موجود ہیں، جس کے باعث ان کا سرحد پار آنا جانا معمول کا حصہ ہے۔ تاہم، نادرا کی جانب سے محض سفری ریکارڈ (Travel History) کی بنیاد پر، بغیر کسی پیشگی نوٹس یا وضاحت کا موقع فراہم کیے، متعدد پاکستانی شہریوں کے قومی شناختی کارڈ بلاک کر دیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شناختی کارڈز کی بندش کے باعث متاثرہ شہری شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ ان میں سرکاری ملازمین، طلبہ، کاروباری افراد اور دیگر قانون پسند شہری شامل ہیں، جو نہ صرف بینکنگ سروسز تک رسائی سے محروم ہو گئے ہیں بلکہ انہیں دیگر سرکاری اور مالیاتی امور میں بھی مشکلات کا سامنا ہے۔ محمد صادق خان سنجرانی نے چیئرمین نادرا سے مطالبہ کیا کہ نادرا کے اعلیٰ حکام پر مشتمل ایک خصوصی بورڈ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر دالبندین بھیجا جائے تاکہ متاثرہ شہریوں کو ذاتی طور پر طلب کر کے ان کے مقدمات کی میرٹ پر جانچ پڑتال کی جائے اور حقیقی پاکستانی شہریوں کی جائز شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ چیئرمین نادرا اس عوامی اہمیت کے حامل مسئلے پر فوری، منصفانہ اور ہمدردانہ اقدامات کریں گے تاکہ متاثرہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا جلد از جلد خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔

بقیہ 15

تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھی جائے گی انہوں نے کہا کہ شہدا کے مقدس خون نے ان تمام سازشوں ناپاک عزائم اور استحصالی پالیسیوں کو بے نقاب کر دیا ہے جن کا مقصد اس وطن پر قبضہ یہاں کے وسائل پر تسلط اور عوام کو تقسیم کر کے کمزور کرنا تھا آج ہر باشعور پشتون مرد و عورت پر یہ حقیقت واضح ہو چکی ہے کہ قومی اتحاد اور باہمی یکجہتی ہی تمام مسائل کا واحد حل ہے اصغر خان اچکزئی نے ان خیالات کا اظہار سانحہ زیارت کے شہدا کی یاد میں مختلف علاقوں کے دورے اور فاتحہ خوانی کے موقع پر شہدا کے لواحقین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے پارٹی کے اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ احمدون، وام، چینہ کواس، زیارت، سنجاوی لورالائی شہوزئی سمیت مختلف علاقوں میں شہدا کے گھروں کا دورہ کیا لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا فاتحہ خوانی کی اور شہدا کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی انہوں نے کہا کہ شہدا کے اہل خانہ نے جس صبر حوصلے اور قومی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے پیاروں کی یادوں کو پوری قوم کے نام کیا وہ ایک عظیم مثال ہے قوم ان قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی اور شہدا کا لہو آنے والی نسلوں کے لیے خودی وقار انصاف اور قومی وحدت کی جدوجہد میں ہمیشہ مشعل راہ رہے گا تاریخ گواہ ہے کہ اقوام کی زندگی میں آزمائشیں اور سانحات آتے رہتے ہیں مگر زندہ قومیں اپنے شہدا کی قربانیوں کو فراموش کرنے کے بجائے انہیں اپنی طاقت بناتی ہیں اور انہی قربانیوں کی روشنی میں مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرتی ہیں عوامی نیشنل پارٹی شہدا کے مشن عوامی حقوق امن قومی وحدت اور وسائل پر عوام کے حق کی جدوجہد کو ہر قیمت پر جاری رکھے گی اس موقع پر عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا، مرکزی ڈپٹی ایڈیشنل سیکرٹری جاوید کاکڑ، مرکزی نائب صدر سردار فرید اللہ، صوبائی جوائنٹ سیکرٹری ملک منظور کدیزئی اراکین مرکزی کمیٹی عبدالمالک پانیزئی ڈاکٹر عیسیٰ خان جوگیزئی ایڈووکیٹ صادق خان علیزئی ضلع زیارت کے صدر عبدالخالق دمڑ جنرل سیکرٹری امین اللہ پانیزئی ضلع لورالائی کے قائم مقام صدر اعظم جان جنرل سیکرٹری اختر محمد ناصر ڈاکٹر رحیم کاکڑ اور رازمحمد ترکئی سمیت کارکن اور ذمہ داران بھی موجود تھے وفد نے شہدا کے لواحقین کو یقین دلایا کہ عوامی نیشنل پارٹی ان کے غم میں برابر کی شریک ہے اور شہدا کی قربانیوں کو ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا

بقیہ 16

شش ہے، جسے کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ دہشت گرد عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرتے ہوئے واقعے میں ملوث تمام ملزمان کو فوری گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کا قیام ریاست کی اولین ذمہ داری ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اور فیصلہ کن اقدامات ناگزیر ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے اور امن دشمن عناصر اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

بقیہ 17

ن بریگیڈیئر جنرل امیر محمد اکرمینیا نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایران کے جنوبی انفراسٹرکچر پر امریکی حملے جاری رہے تو ملکی سیکیورٹی فورسز ایسی نئی حکمت عملیاں اور عسکری اقدامات اختیار کریں گی جن سے جارح قوتوں کے لیے جنگ جاری رکھنا ناممکن ہو جائے گا۔ ایرانی خبر رساں ادارے ڈیفنس پریس کو دیے گئے انٹرویو میں بریگیڈیئر جنرل امیر محمد اکرمینیا نے کہا کہ امریکی فریق کی جانب سے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) کی خلاف ورزی کے بعد اب جنگ ایک نئے مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ایران کی مسلح افواج امریکی جارحیت کے جواب میں جوابی کارروائیاں کر رہی ہیں اور یہ کارروائیاں اس وقت تک جاری رہیں گی جب تک امریکا ایران کے بنیادی ڈھانچے اور ساحلی علاقوں کو نشانہ بنانا بند نہیں کرتا۔ اکرمینیا نے کہا کہ ایران اپنے قومی مفادات اور سرحدی سلامتی کے دفاع کے لیے ضروری اقدامات جاری رکھے گا۔

بقیہ 18

سید نصیب اللہ آغا، جنرل سیکرٹری سید اکبر شاہ، سید عبدالہادی آغا، نائب صدر لیاقت کاکڑ اور زین الدین نے اپنے مشترکہ بیان میں وفاقی حکومت کی جانب سے مالی سال 2026-27 کے وفاقی بجٹ میں وفاق کے زیر انتظام پشتون علاقوں اور بلوچستان کے اضلاع ژوب، شیرانی، موسیٰ خیل، بارکھان، دکی، لورالائی، قلعہ سیف اللہ، کوہلو، ڈیرہ بگٹی، نوشکی، چاغی اور دیگر متاثرہ علاقوں سے وفاقی ٹیکس استثنیٰ ختم کرنے کے فیصلے کو یکسر مسترد کرتے ہوئے اس کی شدید مذمت کی ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ مذکورہ علاقے کئی دہائیوں سے دہشت گردی، بدامنی، پسماندگی، بے روزگاری، بنیادی سہولیات کی کمی اور معاشی مشکلات کا شکار ہیں۔ ایسے حالات میں ٹیکس استثنیٰ کا خاتمہ نہ صرف مقامی کاروبار، تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا بلکہ پہلے سے مشکلات کا سامنا کرنے والے عوام پر مزید مالی بوجھ بھی ڈالے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کا یہ اقدام علاقائی حقائق اور زمینی حالات سے مکمل طور پر لاعلمی کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دور افتادہ اضلاع میں کاروباری سرگرمیاں پہلے ہی محدود ہیں، جبکہ تاجروں، صنعتکاروں اور عام شہریوں کو متعدد معاشی مسائل کا سامنا ہے۔ ایسے میں ٹیکسوں کا نفاذ مقامی معیشت کو مزید کمزور کرے گا، چھوٹے کاروبار متاثر ہوں گے، بے روزگاری میں اضافہ ہوگا اور عوام کی قوت خرید مزید کم ہو جائے گی۔ آل بلوچستان میڈیکل سٹور ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس فیصلے پر فوری نظرثانی کرتے ہوئے وفاق کے زیر انتظام پشتون علاقوں اور بلوچستان کے متاثرہ اضلاع کے لیے کم از کم دس سال تک ہر قسم کے وفاقی ٹیکسوں سے مکمل استثنیٰ بحال رکھا جائے۔ انہوں نے مزید مطالبہ کیا کہ ان علاقوں کی معاشی بحالی، بنیادی ڈھانچے کی تعمیر، صحت، تعلیم، روزگار اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے سالانہ 110 ارب روپے کا خصوصی ترقیاتی پیکیج دیا جائے، جبکہ قومی مالیاتی کمیشن (NFC) ایوارڈ میں بھی ان علاقوں کے لیے خصوصی اور اضافی مالی وسائل مختص کیے جائیں تاکہ دہائیوں سے جاری محرومیوں کا ازالہ ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان اور پشتون بیلٹ کے عوام نے ہمیشہ ملک کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے قربانیاں دی ہیں، اس لیے ان کے ساتھ امتیازی سلوک کے بجائے خصوصی مراعات اور ترقیاتی سہولیات فراہم کی جانی چاہئیں۔ رہنماؤں نے وفاقی حکومت سے اپیل کی کہ وہ اس متنازع فیصلے کو واپس لے کر متاثرہ علاقوں کے عوام، تاجروں اور کاروباری برادری کے جائز مطالبات کو تسلیم کرے تاکہ خطے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ مل سکے اور عوام کو مزید مشکلات سے بچایا جائے۔

بقیہ 19

رفصلوں کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلعی انتظامیہ اور محکمہ پی ڈی ایم اے سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ متاثرہ خاندانوں کی فوری امداد اور نقصانات کے ازالے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ نیز آئندہ ایسے سانحات سے بچاؤ کے لیے حفاظتی بند (ڈائکس) تعمیر کیے جائیں، ندی نالوں کی بروقت صفائی اور بحالی کو یقینی بنایا جائے، اور انسانی آبادیوں، زرعی زمینوں اور فصلوں سے سیلابی پانی کا رخ محفوظ طریقے سے موڑنے کے لیے پیشگی اور مؤثر منصوبہ بندی کی جائے، تاکہ مستقبل میں جانی و مالی نقصانات سے بچا جا سکے۔

بقیہ 20

کم ہے۔ اپنے ایک بیان میں سینیٹر بلال مندوخیل نے کہا کہ بے گناہ اور فرض شناس سرکاری افسران اور ان کی حفاظت پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانا دہشت گردوں کی بزدلی اور انسانیت دشمن سوچ کا عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے عناصر کا مقصد خوف و ہراس پھیلانا اور صوبے میں امن و استحکام کو نقصان پہنچانا ہے، تاہم پوری قوم ان سازشوں کو ناکام بنانے کے لیے متحد ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ ریاست کا ایک مضبوط ستون ہے اور انصاف کی فراہمی میں خدمات انجام دینے والے ججز اور سیکیورٹی اہلکاروں کی قربانیاں ہمیشہ قوم کے لیے باعث فخر رہیں گی۔ شہداء کی یہ عظیم قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک ریاست کی کوششیں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ سینیٹر بلال مندوخیل نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ واقعے میں ملوث دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے تاکہ آئندہ ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے شہید سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین زمان جان کے درجات کی بلندی، مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے دعا کی، جبکہ سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ سینیٹر بلال مندوخیل نے فائرنگ کے واقعے میں زخمی ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 21

ب نہیں ہو سکیں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے پر عزم ہیں۔

بقیہ 22

ہائیکورٹ میں قلات کی ڈویژنل حیثیت ختم کرنے اور ضلع مستونگ کو کوئٹہ میں شامل کرنے کے خلاف رٹ پٹیشن دائر کرنے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سینئر سیاستدان نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی، سینئر وکیل ریاض احمد اور دیگر بھی موجود تھے۔ نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے قلات کی ڈویژنل حیثیت ختم کرنے اور ضلع مستونگ کو کوئٹہ میں شامل کرنے کے خلاف عدالت عالیہ میں دائر کی جانے والی رٹ پٹیشن میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ ڈویژن کے خاتمے سے قلات کی تاریخی حیثیت ختم ہوگئی، عوام اور ان کے نمائندوں کو بھی نظر انداز کیا گیا ہے۔ اس فیصلے سے ممبران پارلیمان بھی متاثر ہوئے ہیں لیکن ان کی خاموشی باعث تشویش ہے انہوں نے کہا کہ درخواست میں صوبائی حکومت کو بھی فریق بنایا گیا ہے کیونکہ بلوچستان کا مسئلہ انتظامی ہے جو وزیر اعلیٰ کی تبدیلی سے نہیں بلکہ سیاسی انداز میں حل ہوگا۔ اسی طرح سراوان جھالاوان کو بغیر نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے یہ ہمارے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے حالات کی بہتری کے لئے نئے عمرانی معاہدے کی ضرورت ہے حکومت کوئی بھی الاٹمنٹ یا اراضی کی خریداری میں قبائل کو نظرانداز نہیں کرسکتی انہیں قبائل اور عوامی نمائندوں کو اعتماد میں لینا ہوتا ہے لیکن حکومتی اقدامات میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو نظر انداز کرتے ہوئے حکومت نے اپنا فیصلہ ہم سب پر مسلط کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ژوب سے گوادر تک ہمیں اور عوامی نمائندوں کو بتے بغیر نوٹیفکیشن جاری کیا جسے اپنے حقوق کے خلاف سمجھتے ہیں موجودہ حکومت اپنے آپ کو جمہوری کہتی ہے لیکن فیصلے ڈکٹیٹرشپ کی طرز کے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے حکمران 1948ء میں خان آف قلات اور محمد علی جناح کے درمیان ہونے والے معاہدے کو نظرانداز کر رہے ہیں گزشتہ 25 سال سے میں اس حوالے سے میڈیا میں یہ چیزیں اجاگر کر رہا ہوں لیکن اسلام آباد میں بیٹھے ہوئے حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی کیونکہ ریاست قلات نے کسی مجبوری کے تحت نہیں بلکہ ہم نے رضاکارانہ طور پر پاکستان کے ساتھ الحاق کیا تھا جس نے ہمیں آئینی حقوق دیئے ہیں ان کے تحت فارم 45,47 اور 48 سمیت 100 کی بات سننے کی بجائے 1973ء کے آئین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میں نے گوادر کو سرمائی دارالحکومت کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا میرے بعد آنے والوں نے اس کو ختم کر دیا اور میرے دور میں کوئی انتظامی تبدیلی نہیں کی گئی کھڈ کوچہ میں کرفیو کی مذمت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسے فوری طور پر ختم کیا جائے اس سے لوگوں کی مشکلات بڑھیں گی انہوں نے کہا کہ ہمارا مسئلہ سیاسی ہے انتظامی نہیں اس لئے اس کو سیاسی طور پر حل کیا جائے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ میری نظر میں مسئلہ کشمیر اور بیت المقدس سے بھی اہم ہے اس کو حل ہونا چاہئے اور بی وائی سی کی قیادت سمیت دیگر گرفتار شدگان کو فوری طور پر رہا کیا جائے ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ 2008ء سے 2013ء تک اپنے دور حکومت میں لاپتہ افراد سمیت بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے حکام بالا اور فوج کے سربراہ جنرل کیانی اور دیگر کے ساتھ جو کوششیں کی وہ ریکارڈ کا حصہ ہے وزیر اعلیٰ کی تبدیلی سے متعلق پوچھے گئے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کی تبدیلی کے حامی نہیں بلکہ نظام کی بہتری کے حامی ہوں کیونکہ بلوچستان کثیر القومی ریاست ہے جس میں مختلف قومیں بستی ہیں جن کی اپنی شناخت، زبان، ثقافت، رہن سہن اور سرزمین ہے۔ انہیں وزیر اعلیٰ بنانے سے متعلق پوچھے گئے سوال کے جواب میں کہا کہ موجودہ حالات میں کوئی بھی وزیر اعلیٰ بننے کو تیار نہیں ہے۔ اس موقع پر سینئر وکیل ریاض احمد ایڈووکیٹ نے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ ملک میں 1973 کا آئین ہے اور یہ آئین عوام کو بنیادی حقوق دیتا ہے کہ وہ عوام کے حقوق کا تحفظ یقینی بنائے اور حکومت نے اس معاملے پر مستونگ اور قلات کے عوام کو نہیں سنا کیونکہ عوام ان علاقوں میں صدیوں سے آباد ہیں اور یہ فیصلہ ان کے حقوق کی حق تلفی کے مترادف ہے عوام سمیت کسی کو سنے بغیر تقسیم کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا جس سے لوگوں کے حقوق متاثر ہوئے۔

بقیہ 23

احاطے میں زبردستی داخل ہونے اور نمازیوں کو مسجد میں داخل ہونے سے روک دیا۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق فلسطینی حکام کا کہنا ہے کہ یہ رواں سال کی سب سے بڑی کارروائیوں میں سے ایک ہے۔ یہ واقعہ ایک یہودی مذہبی تہوار تشاباآو کے موقع پر پیش آیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہودی مذہبی تہوار تشاباآو یہودی روایات میں مبینہ طور پر ہیکل کی تباہی کی یاد کے طور پر منایا جاتا ہے، یہ مقام مسلمانوں کے نزدیک مسجد اقصیٰ جبکہ یہودیوں کے نزدیک ٹیمپل ماؤنٹ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اسرائیل کے انتہائی دائیں بازو سے تعلق رکھنے والے قومی سلامتی کے وزیر اتمار بن گویر بھی سخت پولیس سیکیورٹی میں مسجد اقصیٰ کے احاطے میں داخل ہوئے۔ یروشلم گورنریٹ کی فلسطینی انتظامیہ کے مطابق مقدس مقام میں داخل ہونے والے اسرائیلیوں کی تعداد غروب آفتاب تک مزید بڑھنے کا امکان ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اسرائیلی فورسز نے مسجد اقصیٰ کے داخلی راستوں اور القدس کے قدیم شہر کے اطراف سخت سیکیورٹی پابندیاں نافذ کر دیں، جبکہ احاطے میں بڑی تعداد میں اہلکار تعینات کیے گئے اور فلسطینی نمازیوں کو مسجد میں داخل ہونے سے روک دیا گیا۔ گورنریٹ کے مطابق صرف محدود تعداد میں فلسطینی فجر کی نماز کے لیے مسجد اقصیٰ پہنچنے میں کامیاب ہوئے، تاہم اسرائیلی فورسز نے متعدد نمازیوں اور مقامی شہریوں پر مبینہ طور پر تشدد بھی کیا۔

بقیہ 24

کرتے ہوئے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ یہ واقعہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ قانون کے محافظوں کو نشانہ بنانا ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے کی ناکام کوشش ہے، جسے ہرگز کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ حکومت اس المناک سانحے میں شہداء کے اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعاگو ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ واقعے میں ملوث دہشت گرد عناصر کو کسی صورت نہیں چھوڑا جائے گا اور انہیں قانون کے کٹہرے میں لا کر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ امن و امان کو خراب کرنے والے عناصر کے خلاف ریاست پوری قوت سے کارروائی جاری رکھے ہوئے ہے اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 25

عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین محمد زمان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ اس المناک واقعے نے پوری قوم کو سوگوار کر دیا ہے۔ انہوں نے شہداء کی وطن اور ریاست کے لیے خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے، انہیں اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا کرے میر شعیب نوشیروانی نے فائرنگ کے واقعے میں زخمی ہونے والے ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت تمام زخمی افراد کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنایا جائے گی انہوں نے کہا کہ شہداء کے اہل خانہ کے غم میں ہم برابر کے شریک ہیں اور اس دکھ کی گھڑی میں ہماری تمام تر ہمدردیاں ان کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں۔ صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ ذمہ داروں کو جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

بقیہ 26

الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں ملک میں امن و امان، سیکیورٹی، معدنی وسائل کی ترقی، بین المذاہب ہم آہنگی، انسانی حقوق، سماجی فلاح، روزگار کے مواقع اور کشمیر کی موجودہ صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز اسلام آباد پولیس محمد جواد طارق نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی مجموعی صورتحال اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ، امن و امان کا قیام اور محفوظ ماحول کی فراہمی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں پر زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے عوام کو مزید مؤثر اور معیاری سیکیورٹی سہولیات فراہم کی جائیں۔ بعد ازاں ڈائریکٹر جنرل پاکستان منرلز اتھارٹی شاہد قریشی نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے ملاقات کی اور ادارے کی کارکردگی، مستقبل کے منصوبوں اور درپیش چیلنجز سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ملک ہے اور ان وسائل کے مؤثر استعمال سے قومی معیشت کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ خصوصاً بلوچستان اور خیبر پختونخوا سمیت ملک بھر میں روزگار کے وسیع مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے نیشنل پیس کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی و انسانی حقوق پاکستان کے وفد نے بھی ملاقات کی۔ وفد میں راجہ صمصام، ڈاکٹر عابد عباسی، سلطی ملک، یونین آف جرنلسٹس کے جنرل سیکرٹری سجاد طارق، سینئر صحافی سجاد مغل، چوہدری عتیق اور دیگر اراکین شامل تھے۔ وفد نے انہیں بین المذاہب ہم آہنگی، انسانی حقوق، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور مقبوضہ جموں و کشمیر کی موجودہ صورتحال سے متعلق آگاہ کیا۔ اسی سلسلے میں حجازی ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد صادق نے بھی ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سے ملاقات کی اور فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں اور جاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ فاؤنڈیشن ایک غیر سرکاری، غیر منافع بخش اور انسان دوست ادارے کے طور پر مستحق افراد کو خوراک، تعلیم، صحت کی سہولیات، ہنگامی امداد اور دیگر بنیادی ضروریات کی فراہمی کے لیے سرگرم عمل ہے، جبکہ غربت کے خاتمے، قدرتی آفات کے متاثرین کی امداد اور کمزور طبقات کی بحالی کے مختلف منصوبوں پر بھی کام کر رہی ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امن و امان، معاشی ترقی، سماجی ہم آہنگی اور عوامی فلاح ایک مضبوط اور خوشحال پاکستان کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی، انسانی حقوق کے تحفظ، اقلیتوں کی سلامتی اور سماجی خدمت کے فروغ کے لیے حکومتی اداروں اور فلاحی تنظیموں کا کردار قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت ملک میں امن، معاشی استحکام، سرمایہ کاری، معدنی وسائل کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی قیادت ہمیشہ کشمیر کاز کی مضبوط حامی رہی ہے اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت اور ان کے بنیادی حقوق کے لیے ہر قومی و بین الاقوامی فورم پر بھرپور آواز اٹھاتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میاں محمد نواز شریف، وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کشمیری عوام سے خصوصی وابستگی رکھتے ہیں اور ان کی فلاح و بہبود اور مسائل کے حل کو ہمیشہ ترجیح دیتے رہے ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ریاستی ادارے، سماجی و فلاحی تنظیمیں اور تمام متعلقہ شعبے باہمی تعاون اور ہم آہنگی کے ساتھ امن، ترقی، قومی یکجہتی، سماجی استحکام اور عوامی خدمت کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے رہیں گے، کیونکہ یہی ایک مضبوط، پرامن اور خوشحال پاکستان کی ضمانت ہے۔

بقیہ 27

اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، جبکہ علاقے میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کی گئی، جہاں فورسز نے مؤثر اور بروقت کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے چھ مبینہ دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آپریشن کے دوران متعدد مشتبہ افراد کو بھی گرفتار کیا گیا، جن میں مبینہ طور پر دہشت گردوں کے سہولت کار، مرد اور خواتین خودکش بمبار شامل ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران دہشت گردوں کی متعدد کمین گاہیں مکمل طور پر تباہ کر دی گئیں، جبکہ ان کے ٹھکانوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر سامان بھی قبضے میں لیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ علاقے میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے اور سیکیورٹی فورسز مکمل نگرانی کے ساتھ مزید ممکنہ خطرات کے خاتمے کے لیے کارروائیاں کر رہی ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں حالیہ دہشت گرد حملوں کے بعد انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز میں تیزی لائی گئی ہے، جبکہ دہشت گردی کے خاتمے اور خطے میں امن و امان کے قیام تک ایسی کارروائیاں بلاتعطل جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا ہے۔

بقیہ 28

جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس دہشت گردانہ کارروائی میں ملوث عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو ہر قیمت پر انجام تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ قانون کے محافظوں کا خون ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا اور ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والوں کو پوری قوت سے کچل دیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے لیے کسی قسم کی رعایت نہیں ہوگی۔ بلوچستان میں دہشت گردوں کے لیے کوئی محفوظ پناہ گاہ باقی نہیں رہنے دی جائے گی اور ان کے خلاف انٹیلیجنس بنیادوں پر کارروائیوں کا دائرہ مزید وسیع اور مؤثر بنایا جائے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ امن دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی اور دہشت گردی کے ہر نیٹ ورک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے تک ریاستی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کے خون کا حساب ضرور لیا جائے گا اور دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قوت، عزم اور قومی یکجہتی کے ساتھ منطقی انجام تک جاری رہے گی میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان عوام کے جان و مال کے تحفظ، قانون کی بالادستی اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام ریاستی اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ساتھ ہر ممکن اقدام جاری رکھے گی۔

بقیہ 29

کے محافظوں پر حملہ دراصل ریاست کی رٹ اور نظام انصاف کو چیلنج کرنے کی ناکام کوشش ہے، جسے کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا شاہد رند نے کہا کہ وکلاء اور ججز کو نشانہ بنانا ایک گہری اور منظم سازش کا حصہ ہے، جس کا مقصد بلوچستان میں خوف و ہراس پھیلانا اور ریاستی اداروں کو دباؤ میں لانا ہے، تاہم حکومت ایسے تمام مذموم عزائم کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہے انہوں نے کہا کہ اس دہشت گردانہ حملے میں ملوث عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو کسی صورت نہیں چھوڑا جائے گا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دہشت گردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں اور انہیں جلد قانون کی گرفت میں لا کر منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ امن دشمن عناصر بلوچستان کا امن خراب کرنے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ ریاست دشمن عناصر کے خلاف بھرپور اور بلاامتیاز کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی اور دہشت گردی کے ہر نیٹ ورک کا مکمل قلع قمع کیا جائے گا شاہد رند نے کہا کہ شہداء کا خون ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا۔ حکومت بلوچستان شہداء ؒ کے اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے اور زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک تمام ریاستی اداروں کے ساتھ مل کر بھرپور کارروائیاں جاری رکھے گی اور بلوچستان کے امن و استحکام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔

بقیہ 30

معالجے کی سہولیات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے کہا کہ حکومت بلوچستان زخمی ایڈیشنل سیشن جج کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ انشاء اللہ زخمی جج کو علاج و معالجے کی تمام بہترین سہولیات مہیا کی جائیں گی اور ان کے علاج میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔

بقیہ 31

، بروقت اور بلاتعطل طبی سہولیات کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، ادویات کی دستیابی ہر وقت یقینی بنائیں، ریکارڈ کو مکمل اور اپ ڈیٹ رکھیں اور صحت کے تمام قومی پروگراموں پر مؤثر انداز میں عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو بہترین طبی سہولیات میسر آ سکیں۔ ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق ضلع گوادر کے تمام بنیادی مراکز صحت کی باقاعدہ نگرانی جاری رکھی جائے گی تاکہ صحت کی خدمات کے معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے حکومتی مشن کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔

بقیہ 32

نااہل اور جعلی حکومت امن و امان کے قیام میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے اس وقت پورا صوبہ امن و امان کی بدترین صورتحال کا سامنا کر رہی ہے قومی شاہراہوں سمیت کہیں پر بھی حکومتی رٹ قائم نہیں بیان میں شہدا کے اہل خانہ سے تعزیت اور زخمی ایڈیشنل سیشن جج کی فوری صحت یابی کی دعا کی گئی۔

بقیہ 33

ہیں۔ تاہم ان کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ، پولیس اور ایف سی کی جانب سے انہیں کسی قسم کی مدد فراہم نہیں کی گئی۔ انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کوہلو اعظم جان دو مرتبہ متاثرہ علاقے کے قریب سے گزرے، مگر گلی کا دورہ نہیں کیا اور نہ ہی متاثرین کی دادرسی کی۔ ان کے مطابق بارش کا پانی گھروں میں داخل ہو گیا، جس کے باعث لوگوں نے بڑی مشکل سے اپنے بچوں کو محفوظ مقام پر منتقل کیا، جبکہ مویشی اور برسوں کی جمع پونجی سیلابی ریلے میں بہہ گئی۔ ڈاکٹر جمعہ خان مری نے مزید کہا کہ انہوں نے متعدد مرتبہ ضلعی انتظامیہ کو ممکنہ خطرات سے آگاہ کیا تھا۔ ان کے بقول کچھ عرصہ قبل ان کے گاؤں کے لیے ایک پروٹیکشن وال منظور کی گئی تھی، تاہم آج تک اس پر کام نہیں ہو سکا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس منصوبے کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور یہ معلوم کیا جائے کہ منظور شدہ فنڈز کہاں خرچ ہوئے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان، متعلقہ حکام اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ متاثرہ خاندانوں کی فوری مالی امداد، نقصانات کا سروے اور حفاظتی بند (پروٹیکشن وال) کی تعمیر کو یقینی بنایا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے نقصانات سے بچا جا سکے۔

بقیہ 34

مذموم عزائم کا واضح ثبوت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کی متعدد کمین گاہیں تباہ کی گئیں اور ان کے ٹھکانوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا، جو سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر انٹیلیجنس کو ظاہر کرتا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حالیہ دہشت گرد کارروائیوں کے بعد مستونگ اور گردونواح میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز مزید مؤثر اور تیز کیے گئے ہیں، جبکہ علاقے میں سرچ اور کلیئرنس آپریشن جاری ہے تاکہ کسی بھی دہشت گرد کو فرار ہونے کا موقع نہ مل سکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے لیے کوئی محفوظ پناہ گاہ نہیں رہے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور دہشت گردی کے ہر نیٹ ورک کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا وزیر اعلیٰ نے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان وفاقی حکومت اور تمام سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ذریعے دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 35

عبدالحکیم کاکڑ اپنے گن مین اور ڈرائیور کے ڈیوٹی پر مستونگ جا رہے تھے کہ ولی خان پھاٹک کے قریب ان کی گاڑی پر مسلح افراد نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں سیشن جج مستونگ عبدالحکیم کاکڑ اور گن مین زمان جان موقع پر جاں بحق جبکہ فائرنگ سے ایڈیشنل سیشن جج مستونگ طارق لاشاری سمیت 2 افراد شدید زخمی ہوئے واقعہ سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس سیکورٹی فورسز اور مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی جبکہ ایڈیشنل سیشن جج مستونگ طارق لاشاری کو ابتدائی طبی امداد کے کوئٹہ ریفر کردیا گیا جہاں پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ان کی خیریت دریافت کی اور ان کی حالت بہتر ہے۔

تلاش گمشدگی

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54400-5878642-7 بنام جاوید محمد ولد عطاء محمد کہیں گم ہوگیا ہے جس کسی کو ملے قریبی لیٹر بکس میں ڈال دے۔ شکریہ

المشتہر۔ جاوید محمد ولد عطاء محمد
موبائل نمبر۔ 0316-8249390

بقیہ 01

عبداللہ نورزئی کے علاوہ اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں کے نمائندگان اور سول سوسائٹی نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے کہا کہ خواتین کی صحت اور وقار کا تحفظ صوبائی حکومت کی اول ترجیح ہے اور اس سلسلے میں درپیش تمام رکاوٹوں کو دور کیا جائے گا۔ جبکہ سینیٹری پراڈکٹس پر ٹیکسز کا خاتمہ ایک بڑا قدم ہے اور اب اس کے ثمرات عام اور مستحق خواتین تک پہنچانے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ایم پی اے رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ پالیسی سازی کے ساتھ ساتھ بنیادی سطح پر آگاہی اور مفت سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ محکموں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ MHM ورکنگ گروپ سیکرٹریٹ بلوچستان کی چیئرپرسن ڈاکٹر طاہرہ کمال بلوچ نے کہا کہ ٹیکسوں کا خاتمہ ایک تاریخی پیش رفت ہے۔ اور ہمارا اگلا ہدف اسکولوں میں مصنوعات کی مفت فراہمی کے مطالبے کے علاوہ اس کے ماحولیاتی پہلوؤں اور محفوظ ڈسپوزل پر معلومات کو عام کرنا ہے۔

بقیہ 02

، بروقت اور بلاتعطل طبی سہولیات کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، ادویات کی دستیابی ہر وقت یقینی بنائیں، ریکارڈ کو مکمل اور اپ ڈیٹ رکھیں اور صحت کے تمام قومی پروگراموں پر موثر انداز میں عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو بہترین طبی سہولیات میسر آ سکیں۔ ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق ضلع گوادر کے تمام بنیادی مراکز صحت کی باقاعدہ نگرانی جاری رکھی جائے گی تاکہ صحت کی خدمات کے معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے اور شہریوں کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے حکومتی مشن کو موثر انداز میں آگے بڑھایا جا سکے۔

بقیہ 03

نااہل اور جعلی حکومت امن وامان کے قیام میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے اس وقت پورہ صوبہ امن و امان کی بدترین صورتحال کا سامنا کر رہی ہے قومی شاہراہوں سمیت کہیں پر بھی حکومتی رٹ قائم نہیں بیان میں شہدا کے اہل خانہ سے تعزیت اور زخمی ایڈیشنل سیشن جج کی فوری صحت یابی کی دعا کی گئی۔

بقیہ 04

میں اسسٹنٹ کمشنر تمپ شے حق حیات، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر تمپ ڈاکٹر نوروز، پی پی ایچ آئی کے ڈی ایم حاجی خان، متعلقہ اداروں کے نمائندگان اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع تمپ کے سرکاری ہسپتالوں، بنیادی مراکز صحت (BHU)، دیہی مراکز صحت (RHC) اور دیگر طبی مراکز میں عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، طبی عملے کی حاضری، ضروری ادویات کی دستیابی، حفاظتی ٹیکہ جات، زچہ و بچہ کی صحت، ہنگامی طبی خدمات اور جاری صحت پروگراموں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر تمپ برکت علی بلوچ نے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام طبی مراکز میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملہ اپنی ذمہ داریاں پوری دیانتداری اور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دے، جبکہ مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر تمپ نے کہا کہ نو قائم شدہ ضلع تمپ میں صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے، طبی سہولیات کو مزید موثر بنانے، بنیادی مراکز صحت کو فعال کرنے اور عوام کو بہتر علاج معالجے کی سہولت فراہم کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر صحت عامہ کے نظام کو مزید مضبوط، موثر اور عوام دوست بنانے، اداروں کے درمیان بہتر ہم آہنگی پیدا کرنے اور طبی خدمات کے معیار کو بلند کرنے کے حوالے سے متعدد اہم فیصلے کیے گئے۔

بقیہ 05

جتوئی، سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل ایکس ای این مدثر ظفر کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سیف الدین کھوسہ اور اسسٹنٹ کمشنر جعفرآباد دھیرج کالرا نے شرکت کی اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی نے بتایا کہ بلوچستان کی حدود میں زیر تعمیر سم نالے کا کام سندھ اریگیشن کی جانب سے کیا جا رہا ہے اور اس سے بلوچستان کے ڈرینج سسٹم پر براہ راست اثرات مرتب ہو سکتے ہیں اس موقع پر ایکس ای این نے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نالے کی کھدائی کا یہ کام حکومت بلوچستان سے این او سی حاصل کیے بغیر شروع کیا گیا ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ جب تک اعلیٰ حکام سے باضابطہ اجازت حاصل نہیں کی جاتی، بلوچستان کی حدود میں نالے کے اس کام کو ہرگز جاری رکھنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی کمشنر صلاح الدین نورزئی نے ڈپٹی کمشنر صحبت پور کو ہدایت کی کہ اس سے متعلق ڈسٹرکٹ کی سطح پہ اجلاس طلب کیا جائے جب تک بلوچستان کی حدود میں جاری نالے کے تعمیراتی کام بند کرایا جائے محکمہ آبپاشی بلوچستان نے آگاہ کیا کہ سال 2010 کے تباہ کن سیلاب کے دوران نوروا کے ذریعے آنے والے سیلابی ریلے نے بلوچستان کے ڈرینج سسٹم کو شدید نقصان پہنچایا تھا، اس لیے مستقبل میں ایسے کسی بھی اقدام کی اجازت نہیں دی جا سکتی جو صوبے کے عوام، زرعی اراضی اور انفراسٹرکچر کے لیے خطرے کا باعث بنے مزید یہ کہ سندھ اریگیشن حکام پر لازم تھا کہ بلوچستان کی حدود میں کسی بھی نوعیت کے منصوبے پر کام شروع کرنے سے قبل بین الصوبائی رابطوں اور باہمی مشاورت کو یقینی بناتے، تاہم ایسا نہ کرنا افسوسناک ہے کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور کو ہدایت جاری کی کہ سم نالے کی تعمیر فوری طور پر رکوائی جائے، اور تمام صورتحال کی کڑی نگرانی کی جائے، جب تک حکومت بلوچستان محکمہ آبپاشی کی جانب سے کوئی واضح احکامات نہیں آتے اور صوبہ کے مفادات، سرحدی حدود اور عوام کے تحفظ پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ ہرگز نہ کیا جائے۔

بقیہ 06

بلوچستان میں داخلوں کے لیے نرسنگ کالجز ایڈمیشن ٹیسٹ (NCAT-2026) اتوار، 09 اگست 2026 کو منعقد کیا جائے گا۔ داخلہ ٹیسٹ کا انعقاد یونیورسٹی آف بلوچستان، سریاب روڈ، کوئٹہ میں ہوگا۔ تمام امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ صبح 30:7 بجے تک امتحانی مرکز پہنچ جائیں۔ مقررہ وقت کے بعد آنے والے امیدواروں کو امتحانی مرکز میں داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ تمام امیدوار اپنی رول نمبر سلپس بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز (BUMHS) کی آفیشل ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں۔ امیدوار امتحان کے دن اپنی رول نمبر سلپ، اصل شناختی کارڈ/ب فارم اور ضروری اسٹیشنری اپنے ہمراہ ضرور لائیں۔ بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز شفاف، منصفانہ اور میرٹ پر مبنی داخلہ عمل کے انعقاد کے لیے پرعزم ہے۔ امیدوار رول نمبر سلپ پر درج تمام ہدایات پر مکمل عمل کریں اور امتحانی عملے کے ساتھ تعاون کریں۔ مزید معلومات اور رول نمبر سلپس کے حصول کے لیے بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کی آفیشل ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

بقیہ 07

نے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے بجلی بل کی درستگی جلد کی جائیں۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے بجلی بل کی درستگی کر دی جس سے درخواست گزار کو بجلی کے بل پر 34700 روپے کا ریلیف فراہم ہوا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 08

کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے حال ہی میں کتاب چوک کے افتتاح کے موقع پر اہل علاقہ نے آرسی ڈی سی کلب سے بلدیہ گوادر تک سڑک کی تعمیر و توسیع کی درخواست پیش کی تھی۔ عوامی ضرورت اور سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے فوری طور پر اس منصوبے کی منظوری دی، جس کے بعد تعمیراتی کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت شہر کی مختلف شاہراہوں، گلیوں، بازاروں اور رہائشی علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و توسیع، ٹف ٹائلنگ، کارپٹنگ، نکاسی آب کے نظام کی بہتری، تعلیمی اداروں، کھیل کے میدانوں، عوامی مقامات اور بازاروں کی تعمیر، بحالی اور تزئین و آرائش سمیت متعدد ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے ڈائریکٹر جنرل نے کہا کہ حکومت بلوچستان کے وژن کے مطابق گوادر کو ایک جدید، خوبصورت اور پائیدار ساحلی شہر بنانے کے لیے ترقیاتی منصوبوں پر موثر انداز میں عملدرآمد جاری ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبہ نہ صرف شہر کے تاریخی تشخص کو محفوظ بنائے گا بلکہ شہری انفراسٹرکچر، بلدیاتی سہولیات، کاروباری سرگرمیوں اور عوامی معیار زندگی میں بھی نمایاں بہتری لائے گا۔

بقیہ 09

میں امن وامان اور پولیس کی پیشہ ورانہ کارکردگی سے بھی آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے عوام کے جان و مال کی تحفظ اور شہر میں امن امان کے لیے مفید ثابت ہو رہا ہے سی سی ٹی وی کیمروں کی نصب سے انتظامیہ کو جرائم پیشہ عناصر تک پہنچنے میں مدد بھی ملے گی اس موقع پر ڈی ایس پی داؤد کھوسہ اور ایس ایچ او ستی ندیم بہرانی بھی موجود تھے۔

بقیہ 10

مکمل میں ہے۔ تمام متعلقہ فریقین سے مشاورت مکمل ہونے کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر مستقبل میں ہڑتال یا کسی بھی قسم کے احتجاج کا فیصلہ کیا گیا تو اس کا باقاعدہ اعلان میڈیا اور دیگر سرکاری ذرائع کے ذریعے بروقت کیا جائے گا۔ ایسوسی ایشن نے تمام ٹرانسپورٹرز اور عوام سے اپیل کی ہے کہ افواہوں پر کان نہ دھریں اور صرف بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کی جانب سے جاری کردہ مستند معلومات پر اعتماد کریں۔

بقیہ 11

رجسٹریشن، بروقت ریٹرن فائلنگ، ٹیکس ادائیگی اور دیگر قانونی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا گیا۔ جن اداروں اور افراد کی جانب سے قوانین کی عدم تعمیل پائی گئی، ان کے خلاف رجسٹریشن، ٹیکس تعمیل اور جرمانے کی کارروائی کا آغاز کیا گیا۔ بی آر اے حکام نے واضح کیا کہ تمام قابل ٹیکس سروس فراہم کنندگان کیلئے رجسٹریشن اور ٹیکس قوانین کی پابندی لازمی ہے۔ عدم تعمیل کی صورت میں قانون کے مطابق جرمانے، نوٹسز، بینک اکاؤنٹس کی اٹیچمنٹ، کاروباری مراکز کی سیلنگ اور دیگر قانونی کارروائیاں عمل میں لائی جا سکتی ہیں۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے تمام ڈاکٹروں، کلینکس اور طبی خدمات فراہم کرنے والوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بروقت رجسٹریشن، درست ریٹرن فائلنگ اور واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی کو یقینی بنائیں تاکہ قانونی پیچیدگیوں سے بچتے ہوئے صوبے میں شفاف اور منصفانہ ٹیکس نظام کے فروغ میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

بقیہ 12

کی نشاندہی، ان کی استعداد کا جائزہ لینے اور محفوظ سیاحتی زون کے قیام کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر سیاحوں کو محفوظ، پرامن اور معیاری سہولیات کی فراہمی، بنیادی ڈھانچے کی بہتری، بین الادارہ تعاون اور سیاحت کے فروغ کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کرنے پر اتفاق کیا گیا ڈپٹی کمشنر گوادر نے کہا کہ حکومت بلوچستان کے وژن کے مطابق گوادر کو محفوظ، پرکشش اور عالمی معیار کی سیاحتی منزل کے طور پر ترقی دینا ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ مجوزہ سیاحتی مقامات کا جامع سروے مکمل کر کے قابل عمل تجاویز مرتب کی جائیں تاکہ اس منصوبے پر موثر انداز میں پیش رفت ممکن ہو اجلاس کیا گیا کہ محفوظ سیاحتی زون کے قیام سے گوادر میں سیاحت، سرمایہ کاری، مقامی کاروبار اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، جس سے ضلع کی معاشی و سماجی ترقی کو مزید فروغ ملے گا۔

بقیہ 13

ہیں۔ تاہم ان کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ، پولیس اور ایف سی کی جانب سے انہیں کسی قسم کی مدد فراہم نہیں کی گئی۔ انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کوہلو اعظیم جان دومڑ متاثرہ علاقے کے قریب سے گزرے، مگر گلی کا دورہ نہیں کیا اور نہ ہی متاثرین کی داد رسی کی۔ ان کے مطابق بارش کا پانی گھروں میں داخل ہوگیا، جس کے باعث لوگوں نے بڑی مشکل سے اپنے بچوں کو محفوظ مقام پر منتقل کیا، جبکہ مویشی اور برسوں کی جمع پونجی سیلابی ریلے میں بہہ گئی۔ ڈاکٹر جمعہ خان مری نے مزید کہا کہ انہوں نے متعدد مرتبہ ضلعی انتظامیہ کو ممکنہ خطرات سے آگاہ کیا تھا۔ ان کے بقول کچھ عرصہ قبل ان کے گاؤں کے لیے ایک پروٹیکشن وال منظور کی گئی تھی، تاہم آج تک اس پر کام نہیں ہوسکا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس منصوبے کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور یہ معلوم کیا جائے کہ منظور شدہ فنڈز کہاں خرچ ہوئے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان، متعلقہ حکام اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ متاثرہ خاندانوں کی فوری مالی امداد، نقصانات کا سروے اور حفاظتی بند (پروٹیکشن وال) کی تعمیر کو یقینی بنایا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے نقصانات سے بچا جا سکے۔

بقیہ 14

ادارے امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ تفصیلات کے مطابق بارش کے باعث متعدد علاقوں میں پانی جمع ہونے سے معمولات زندگی متاثر ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر کوہلو اعظیم جان دومڑ، سابق صوبائی وزیر وقبائلی وسیاسی رہنما میر نصیب اللہ مری، ڈسٹرکٹ چیئرمین میر نثار احمد مری، چیئرمین میونسپل کمیٹی ایڈووکیٹ علی شیر زرکون اور ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی انجینئرنگ مولا محمد مری متاثرہ علاقوں کا جائزہ لیتے رہے اور امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کرتے رہے۔ ڈپٹی کمشنر اعظیم جان دومڑ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماضی میں اس نوعیت کی بارش کم ہی دیکھی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اب تک کسی قسم کا جانی نقصان رپورٹ نہیں ہوا، جبکہ بھاری مشینری کے ذریعے ندی نالوں اور برساتی گزرگاہوں کی صفائی کا عمل تیزی سے جاری ہے تاکہ پانی کی روانی بحال رہے۔ دوسری جانب سابق صوبائی وزیر میر نصیب اللہ مری نے بتایا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون مسلسل متعلقہ اداروں سے رابطے میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے کوہلو کو مزید بھاری مشینری کی اشد ضرورت ہے۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی ایڈووکیٹ علی شیر زرکون نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، جبکہ متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں بلاتعطل جاری ہیں۔

بقیہ 15

تک اپنے بنیادی حق سے محروم رہیں گے؟ انہوں نے کہا کہ متاثرہ شہری اپنے شناختی کارڈ بحال کروانے کے لیے بار بار نادرا دفاتر کے چکر لگا رہے ہیں، لیکن انہیں نہ مناسب رہنمائی مل رہی ہے، نہ بروقت شنوائی، اور نہ ہی ان کے مسائل کا فوری حل نکالا جا رہا ہے۔ مزید برآں، متاثرہ افراد کو کمیٹی کے سامنے پیش ہونے کا کہا جاتا ہے، مگر کمیٹی کے اجلاس کئی کئی ہفتوں بلکہ مہینوں بعد ہوتے ہیں۔ جب اجلاس ہوتا بھی ہے تو صرف چند گھنٹوں کے لیے، جبکہ متاثرہ شہریوں کی تعداد ہزاروں میں ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ بہت سے لوگ دوبارہ مہینوں انتظار کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ آخر ایک غریب اور دور افتادہ علاقے میں رہنے والا شہری کب تک اپنے ہی ملک میں اپنی شناخت ثابت کرنے کے لیے دفاتر کے چکر لگاتا رہے گا؟ شناختی کارڈ صرف ایک کارڈ نہیں، بلکہ ہر شہری کی شناخت، عزت اور بنیادی حقوق کی کنجی ہے۔ اس کے بلاک ہونے سے بینک اکاؤنٹس، موبائل سمز، روزگار، تعلیم، علاج اور سفری معاملات تک متاثر ہو جاتے ہیں۔ حاجی قادر بخش موسیٰ زئی نے نادرا، حکومت بلوچستان اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع چاغی کے اس دیرینہ مسئلے کو ہنگامی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ سینڈک، تفتان، نوکنڈی اور دالبندین سمیت دور دراز علاقوں میں خصوصی کمیٹیاں تشکیل دی جائیں، اجلاسوں کی تعداد بڑھائی جائے اور مستقل نادرا سہولت مراکز قائم کیے جائیں تاکہ عوام کو بار بار کوئٹہ کا مہنگا اور طویل سفر نہ کرنا پڑے۔ آخر میں انہوں نے خبردار کیا کہ اگر اس اہم عوامی مسئلے کے حل کے لیے فوری عملی اقدامات نہ کیے گئے تو عوام کے ساتھ مل کر پرامن احتجاج کیا جائے گا، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ اداروں پر ہوگی۔ شناخت ہر شہری کا بنیادی حق ہے، اسے آسان بنایئے، مشکل نہیں۔

بقیہ 16

پر مشتمل سروس کسی بھی صورت عوامی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی نہیں۔ روزانہ ہزاروں شہری، طلبہ، خواتین، بزرگ، سرکاری و نجی ملازمین اور مزدور اس سروس سے مستفید ہونا چاہتے ہیں، مگر محدود تعداد کے باعث شدید رش، طویل انتظار اور سفری مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ حکومت بلوچستان، محکمہ ٹرانسپورٹ اور متعلقہ ادارے شہری آبادی میں مسلسل اضافے اور بڑھتی ہوئی سفری ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے گرین بس منصوبے کو فوری طور پر وسعت دیں۔ شہر کے ان گنجان آباد علاقوں میں نئی بس سروس کا فوری آغاز کیا جائے جہاں لاکھوں شہری آج بھی معیاری پبلک ٹرانسپورٹ سے محروم ہیں، بالخصوص سنگلی روڈ، پشتون آباد، سیٹلائٹ ٹاؤن، نیو اڈہ، چلتن بائی پاس، ہزار گنجی روٹ، مغربی بائی پاس، نوحصار تا ٹیکسی اسٹینڈ تک ان علاقوں میں روزانہ ہزاروں افراد تعلیم، روزگار، کاروبار اور علاج کی غرض سے سفر کرتے ہیں، لیکن مناسب ٹرانسپورٹ نہ ہونے کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات، اضافی اخراجات اور قیمتی وقت کے ضیاع کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ گرین بس اور پنک بس سروس کی توسیع نہ صرف عوام کو ریلیف فراہم کرے گی بلکہ ٹریفک کے دباؤ، ماحولیاتی آلودگی اور غیر منظم ٹرانسپورٹ کے مسائل میں بھی نمایاں کمی لانے کا سبب بنے گی۔

بقیہ 17

فاؤنڈیشن کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر محمد ایوب بلیدی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نصیرآباد کی زیر نگرانی ضلع بھر کے مختلف سرکاری اسکولوں میں PTSMC کے ذریعے نئے کلاس رومز کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اضافی کمروں سے تدریسی مسائل میں کمی اس منصوبے کے تحت گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول ریحان خان مری، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول جونگل خان عمرانی سمیت ضلع کے متعدد دیہی اور شہری سرکاری اسکولوں میں اضافی کمروں کی تعمیر کی جا رہی ہے۔ تعمیراتی کام نہایت تیز رفتاری اور اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیا جا رہا ہے، جسے علاقے کے عوامی حلقوں کی جانب سے خوب سراہا جا رہا ہے۔ ماہرین تعلیم کا کہنا ہے کہ نئے کمروں کی تکمیل کے بعد طلبہ و طالبات کو کشادہ اور مناسب کلاس رومز میسر آئیں گے۔ اس سے ایک طرف کلاسوں میں گنجائش کا دیرینہ مسئلہ حل ہوگا تو دوسری جانب اساتذہ بھی بہتر ماحول میں تدریسی فرائض انجام دے سکیں گے۔ نتیجتاً تدریسی سرگرمیوں میں نمایاں بہتری اور طلبہ کی کارکردگی میں اضافہ متوقع ہے۔ ماضی کی مشکلات اور موجودہ ریلیف علاقے کے مکینوں کے مطابق ماضی میں کئی سرکاری اسکولوں میں کمروں کی شدید قلت تھی۔ ایک ہی کمرے میں دو یا تین کلاسیں بیک وقت چلانے کی وجہ سے تدریسی عمل شدید متاثر ہوتا تھا اور بچوں کو بیٹھنے، پڑھنے اور سیکھنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ مقامی سماجی رہنماؤں نے بتایا "ہم برسوں سے مطالبہ کر رہے تھے کہ اسکولوں میں بنیادی انفراسٹرکچر بہتر کیا جائے۔ اب جب حکومت نے عملی اقدامات اٹھائے ہیں تو ہمیں امید ہے کہ ہمارے بچوں کو شہر کے برابر تعلیمی سہولیات ملیں گی۔" والدین اور اساتذہ کا ردعمل والدین نے اس منصوبے پر مکمل اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم ہی کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی انفراسٹرکچر پر دی جانے والی خصوصی توجہ ایک خوش آئند اقدام ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دیہی علاقوں کے اسکولوں میں نئے کمروں کی تعمیر سے نہ صرف شرح خواندگی میں اضافہ ہوگا بلکہ غریب والدین کے بچوں کو بھی معیاری تعلیم کے مواقع میسر آئیں گے۔ اساتذہ کا کہنا ہے کہ بہتر کلاس رومز سے تدریس کا معیار بلند ہوگا اور بچوں کی حاضری میں بھی اضافہ ہوگا۔ ایک استاد نے کہا: "جب بچوں کو بیٹھنے کے لیے جگہ اور سیکھنے کے لیے مناسب ماحول ملے گا تو یقیناً نتائج بھی بہتر آئیں گے۔" منصوبے کی نگرانی اور تکمیل کی امید تعمیر خلق فاؤنڈیشن کے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر محمد ایوب بلیدی نے بتایا کہ تمام کام مقررہ معیار اور وقت کی پابندی کے ساتھ مکمل کیا جا رہا ہے۔ PTSMC کی ٹیم روزانہ کی بنیاد پر کام کی نگرانی کر رہی ہے تاکہ شفافیت اور کوالٹی کو یقینی بنایا جا سکے۔ والدین، اساتذہ، سماجی شخصیات اور مقامی معززین نے حکومت بلوچستان، PPMU، SED، تعمیر خلق فاؤنڈیشن اور منصوبے پر کام کرنے والی پوری ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ منصوبہ جلد از جلد مکمل ہوگا تاکہ طلبہ نئی کلاسوں سے مستفید ہو سکیں۔ عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ نصیرآباد کے دیگر سرکاری اسکولوں میں بھی اسی طرز پر ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ وسیع کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ ضلع کے دور دراز علاقوں میں بھی پینے کے پانی، فرنیچر، بجلی اور لیبارٹریوں کی سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ ہر بچے کو مساوی اور معیاری تعلیم مل سکے۔ مقامی رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت، متعلقہ اداروں اور عوام کے باہمی تعاون سے نصیرآباد میں تعلیمی شعبے کو مزید مضبوط کیا جا سکتا ہے، جو آنے والی نسلوں کے روشن مستقبل کی ضمانت ہوگا

بقیہ 18

مستحکم کرنے کے لیے متعدد اصلاحات اور عملی اقدامات کر رہی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کی سہولت کے لیے بزنس فیسلیٹیشن سینٹر (Facilitation Business Center) قائم کیا گیا ہے، جہاں مختلف سرکاری محکموں سے متعلق خدمات ایک ہی جگہ فراہم کی جا رہی ہیں۔ اس مرکز کا مقصد سرمایہ کاروں کو مختلف دفاتر کے چکر لگانے سے بچانا، این او سیز، رجسٹریشن، رہنمائی، قانونی معاونت اور دیگر ضروری سرکاری کارروائیوں کو آسان، شفاف اور تیز رفتار بنانا ہے۔ اس اقدام سے کاروبار شروع کرنے کے عمل میں درپیش غیر ضروری رکاوٹوں میں نمایاں کمی آئے گی اور سرمایہ کاروں کا وقت اور وسائل محفوظ ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کاروبار دوست پالیسیوں، ضابطہ جاتی اصلاحات، ڈیجیٹل سہولیات اور ادارہ جاتی تعاون کے ذریعے صوبے میں سرمایہ کاری کے ماحول کو مزید بہتر بنا رہی ہے۔ اس سلسلے میں سرمایہ کاروں کے مسائل کے فوری حل، بین الادارہ جاتی رابطوں کو موثر بنانے اور سرمایہ کاری کے عمل کو زیادہ شفاف اور آسان بنانے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ بلال خان کاکڑ نے مزید کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں، کاروباری اداروں، چیمبرز آف کامرس اور ترقیاتی شراکت داروں کے ساتھ قریبی تعاون کو فروغ دے رہا ہے تاکہ سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکیں اور بلوچستان کو خطے کی ایک اہم سرمایہ کاری کی منزل بنایا جا سکے۔ انہوں نے سرمایہ کاروں اور کاروباری برادری کو دعوت دی کہ وہ بلوچستان میں دستیاب مواقع سے فائدہ اٹھائیں اور بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ سے رابطہ کر کے سرکاری سہولیات، رہنمائی اور معاونت حاصل کریں۔

بقیہ 19

نسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ڈالیان اوشین یونیورسٹی (DLOU) چین کا دورہ کیا۔ جس کا مقصد سمندری علوم کے شعبے میں تعلیمی اشتراک کو فروغ دینا اور دونوں جامعات کے درمیان طویل المدتی تعاون کو مضبوط بنانا تھا۔ اس موقع پر دونوں جامعات کے مابین ایک مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے جو چین اور پاکستان اور دونوں جامعات کے درمیان تعلیمی و سائنسی شراکت داری کو مزید وسعت دینے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ لوامز کے وفد میں رجسٹرار بالاچ رشید، ایجوکیشن فیکلٹی کے ڈین احمد نواز کھوسہ اور ڈاکٹر محسن علی کلہوڑو شامل تھے۔ وفد کا استقبال ڈالیان اوشن یونیورسٹی کے وائس پریزیڈنٹ LiuWenhe.Prof نے کیا۔ اس موقع پر آفس آف انٹرنیشنل ایکسچینج اینڈ کوآپریشن اور کالج آف میرین سائنس اینڈ انوائرمنٹ کے نمائندگان بھی موجود تھے۔ اجلاس اور تکنیکی نشستوں میں میرین کالج کے ڈین Zhongming.Prof اور JieTian.Prof، Sang.Prof، Huo He.Prof نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران دونوں جامعات نے اپنی تعلیمی صلاحیتوں تحقیقی کامیابیوں اور مستقبل کی ترقیاتی حکمت عملیوں پر جامع روشنی ڈالی۔ فریقین نے میرین بگ ڈیٹا اور اس کے اطلاقات، سمندری ماحولیاتی تبدیلی، جدید آبی زراعت (ایکوا کلچر) فشریز سائنس اور سمندری وسائل کے انتظام جیسے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ علاوہ ازیں مشترکہ تحقیقی منصوبوں، اساتذہ اور طلبہ کے تبادلہ پروگراموں، مشترکہ سائنسی اشاعتوں، پوسٹ گریجویٹ طلبہ کی مشترکہ نگرانی اور بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو (BRI) کے تحت مشترکہ تحقیقی پلیٹ فارمز کے قیام پر بھی اتفاق کیا گیا۔ مذاکرات کا ایک اہم نتیجہ یہ بھی تھا کہ مستقبل قریب میں لوامز کے نمایاں طلبہ کو وظائف فراہم کیے جائیں گے تاکہ وہ میرین سائنس، فشریز، اوشیوگرافی اور ماحولیاتی علوم کے شعبوں میں ڈالیان اوشین یونیورسٹی سے بیچلر، ماسٹرز اور پی ایچ ڈی کی تعلیم حاصل کر کے متعلقہ شعبوں کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ اس اقدام سے تعلیمی استعداد میں اضافہ اعلیٰ تربیت یافتہ افرادی قوت کی تیاری اور دونوں جامعات کے درمیان سائنسی تعاون کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ وفد نے دورے کے دوران ڈالیان اوشین یونیورسٹی کی جدید تحقیقی لیبارٹریوں، آبی زراعت کے تحقیقی و افزائشی مراکز، اور نادرن میرین ڈیٹا انجینئرنگ ایپلیکیشن سینٹر کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے جدید تحقیقی انفراسٹرکچر اور جاری سائنسی منصوبوں کا تفصیلی مشاہدہ کیا۔ لوامز کے وفد نے انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ طلبہ سے ملاقاتیں کیں اور اساتذہ کے ساتھ علمی تبادلہ خیال بھی کیا اور سمندری علوم، فشریز، ماحولیاتی تحقیق اور اعلیٰ تعلیم کے مختلف پہلوؤں پر تجربات اور معلومات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کے چین کے دورے نے دونوں اداروں کے درمیان باہمی اعتماد کو مزید مستحکم اور مستقبل میں مشترکہ تعلیمی و تحقیقی تعاون کی نئی راہیں ہموار کیں۔ دورے کے اختتام پر دونوں جامعات نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ تعلیمی معیار، سائنسی جدت، افرادی قوت کی ترقی اور پائیدار بحری ترقی کے فروغ کے لیے ایک مضبوط اور دیرپا اسٹریٹجک شراکت داری قائم رکھیں گی۔ نو دستخط شدہ مفاہمتی یادداشت دونوں اداروں کے درمیان تعلیمی مواقع مشترکہ تحقیق اور عوامی روابط کے فروغ کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرے گی جبکہ چین اور پاکستان کے مابین دیرینہ دوستی اور سائنسی تعاون کو مزید مستحکم بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرے گی۔ واضح رہے کہ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان عالیانی کی کاوشوں سے لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر میرین اینڈ واٹر سائنسز پاکستان کی پہلی میرین یونیورسٹی کی حیثیت سے تعلیمی شعبے میں نمایاں مقام اور کامیابی کی منزلیں طے کر رہی ہے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کی خصوصی دلچسپی کی بدولت تعلیمی شعبے کی ترقی کی جانب اہم پیشرفت تصور کی جا رہی ہے۔

بقیہ 20

فوری بند نہ کیا گیا تو پانی مزید دیہات تک پہنچ کر بڑے پیمانے پر نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔ متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے اور شگاف ہنگامی بنیادوں پر بند کرنے کی اپیل کی جاتی ہے تاکہ مزید تباہی سے بچا جا سکے۔

بقیہ 21

ایسی بزدلانہ کارروائیاں قوم کے حوصلے ہرگز پست نہیں کر سکتیں۔ انہوں نے کہا کہ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ ایک فرض شناس، دیانتدار اور قانون کی بالادستی پر یقین رکھنے والے جج تھے، جبکہ ان کے محافظ نے بھی اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے جان کا نذرانہ پیش کیا۔ ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ مکار دشمن کی جانب سے کیے جانے والے یہ بزدلانہ حملے اہل بلوچستان کے عزم اور حوصلے کو متزلزل نہیں کر سکتے۔ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے اور امن دشمن عناصر کو کسی صورت اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست امن کے دشمنوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کر رہے ہیں اور ان شاء اللہ دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان کا ہر باسی امن، ترقی اور خوشحالی کا خواہاں ہے اور دہشت گردی کے خلاف سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑا ہے۔ عوام، سیکیورٹی فورسز اور ریاستی اداروں کی مشترکہ جدوجہد سے دشمن کے تمام ناپاک عزائم خاک میں مل جائیں گے۔ حاجی علی مدد جتک نے شہداء کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے محافظ کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کے درجات بلند کرے، لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور زخمیوں کو جلد از جلد مکمل صحت یاب فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 22

دھمکیاں دے رہا ہے اور لیے گئے 5 لاکھ روپے واپس نہیں کر رہا حکومت اور اعلیٰ حکام اس کا نوٹس لے اور مجھے انصاف فراہم کرے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ میں نیو کاہان مری کیمپ کوئٹہ کا رہائشی ہوں میرے بھائی سمت اللہ نے زمین کے تنازعے پر مجھے تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے جھگڑا کیا کیونکہ ہماری آبائی زمین کو میرے والد نے 8 حصوں میں تقسیم کیا تھا بھائی کی جانب سے تشدد اور جھگڑے کے خلاف کیچی بیگ تھانے میں ایف آئی آر بھی درج کروائی ہے تا حال پولیس اسے گرفتار نہیں کر رہی جبکہ مجھے موبائل نمبر 03337804992 سے مسلسل دھمکیاں دی جا رہی ہیں کہ آپ تھانے آجاؤں ورنہ آپ کو گھر سے اٹھائیں گے میرے بھائی نے مجھ سے پانچ لاکھ اسی ہزار روپے لئے جو تا حال واپس نہیں کر رہا میری حکومت سے اپیل ہے کہ مجھے انصاف اور تحفظ فراہم کیا جائے۔

بقیہ 23

بجلی جلد بحالی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 24

نے کہا کہ ہم سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے کوئٹہ بلوچستان سید ندیم عالم شاہ، ان کی اہلیہ سابق صدر کوئٹہ چلتن لائنز کلب خدیجہ ندیم، حکومت پاکستان کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ (تمغہ امتیاز) سید فیروز شاہ نے سابق وفاقی وزیر تعلیم زبیدہ جلال اور تمام اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم میر چنگیز خان کردی کی کامل مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے جبکہ سوگوار خاندان کو یہ ناقابل تلافی نقصان صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ 25

بخت محمد کاکڑ کی رہائشگاہ پر آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات کے سلسلے میں کوئٹہ میں مقیم کشمیری کمیونٹی کی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کشمیر کو پاکستان کا اٹوٹ انگ سمجھتی ہے اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت پارٹی کے بنیادی موقف کا حصہ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے ہر قومی و بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی بھرپور نمائندگی کی اور بھارتی مظالم کے خلاف موثر آواز بلند کی۔ تقریب کے دوران کشمیری کمیونٹی کے نمائندوں نے اپنے مسائل اور تجاویز پیش کیں، جنہیں رہنماؤں نے توجہ سے سنا۔ اس موقع پر یقین دہانی کرائی گئی کہ کشمیری برادری کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، جبکہ آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کی کامیابی کے لیے بھرپور عوامی رابطہ مہم جاری رکھنے کے عزم کا بھی اظہار کیا گیا۔

بقیہ 26

ح میں قائم پرائیویٹ ٹیوب ویل، جن کی واضح اکثریت غیر قانونی ہے، کوئٹہ کے عوام کی مشکلات میں اضافے کا باعث بن رہے ہیں۔ زیر زمین پانی کی سطح میں مسلسل گراوٹ کی بڑی وجہ یہ غیر قانونی ٹیوب ویل ہیں۔ ان کے خلاف کارروائی ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ صوبائی واٹر بورڈ نے متعدد بار ضلعی انتظامیہ کو کارروائی کی ہدایت کی ہے جو اب تک تشنہ تکمیل ہے۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے ریمارکس ریکارڈ پر موجود ہیں جس میں ٹریکٹرز کو مرحلہ وار ٹینکرز میں تبدیل کرنے کا کہا گیا ہے۔ مگر غیر قانونی ٹیوب ویلوں کے مالکان ٹس سے مس نہیں ہو رہے۔ ناتجربہ کار اور کم عمر لڑکوں کو ڈرائیور کی سیٹ پر بٹھا کر شہر میں حادثات اور قیمتی جانوں کے ضیاع کا سبب بن رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اکثر ٹریکٹر مالکان اور ڈرائیورز افغان مہاجرین ہیں۔ شہر میں ٹریفک کے مسائل سمیت سنگین حادثات اور قیمتی جانوں کے ضیاع کے ذمہ دار ٹریکٹر مالکان کے خلاف کارروائی کی جائے اور این او سی نہ رکھنے والے ٹیوب ویلوں کو فوری طور پر بند کیا جائے۔

بقیہ 27

صوبائی حکومت نے جامعہ بلوچستان میں گزشتہ پانچ سال سے ریٹائر ہونے والے اساتذہ کرام اور ملازمین کی پنشن، گریجویٹی، لیو انکیشمنٹ اور دیگر واجبات کی ادائیگی کے لیے خصوصی بیل آؤٹ پیکج منظور کر دیا ہے۔ ترجمان نے اس اہم اقدام پر صوبائی حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس سے ریٹائرڈ اساتذہ اور ملازمین کو درپیش مالی مشکلات میں نمایاں کمی آئے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن اساتذہ اور ملازمین کے جائز حقوق کے حصول کے لیے اپنی جدوجہد مستقبل میں بھی پوری قوت کے ساتھ جاری رکھے گی۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ جامعہ بلوچستان کو درپیش مالی مشکلات کے مکمل حل کے لیے مزید بیل آؤٹ پیکج کی ضرورت ہے تاکہ منظور شدہ الاؤنسز کی بحالی، یوٹیلٹی الاؤنس، آرڈلی الاؤنس، اساتذہ و ملازمین کی اپ گریڈیشن، خالی آسامیوں پر بھرتیوں، اور یونیورسٹی کالونی میں رہائش پذیر اساتذہ و ملازمین کے سرکاری گھروں کی مرمت و بحالی کے لیے مطلوبہ فنڈز فراہم کیے جا سکیں۔ ترجمان نے کہا کہ اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن اپنی بنیادی ذمہ داری کے مطابق طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ اساتذہ اور ملازمین کے حقوق کے تحفظ، جامعہ بلوچستان کے استحکام اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لیے اپنی جدوجہد بدستور جاری رکھے گی۔

بقیہ 28

پر بند رہے جبکہ رند پینل کے رہنماؤں نے کہا کہ اسسٹنٹ لوکل گورنمنٹ ضلع بولان کچھی جو کہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر جو سرکاری ملازم کم اور سیاسی لیڈر کچھ زیادہ ہی لگتے ہیں اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ضلع بولان کچھی حالیہ لوکل گورنمنٹ کے کاموں میں ٹینڈرنگ پالیسی میں شفافیت ہرگز نہیں ہے اور غیر قانونی طور خصوص جگہ پر بیٹھ کر اپنے من پسند ٹھیکیداروں کے ٹینڈرز پاس کر کے ضلع میں اپنی اجارہ داری قائم رکھنا چاہتے ہیں جس کو کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کیا جائے گا اس موقع بھاگ شہر میں کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال پر بھاگ شہر کے تمام باسیوں اور تاجر برادری کا بھی تہہ دل سے شکریہ کیا کہ انہوں نے ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کی جس پر ہم ان کے مشکور و ممنون ہیں۔

بقیہ 29

(پی ایم اے) کوئٹہ برانچ مستونگ میں قومی شاہراہ پر سیشن جج جناب عبدالحکیم کاکڑ کی شہادت، ان کے گن مین محمد زمان کی شہادت اور ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت دیگر افراد کے زخمی ہونے کے افسوسناک واقعے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ معزز ججوں پر حملہ صرف ایک فرد پر نہیں بلکہ ریاست، آئین، قانون اور نظام انصاف پر حملہ ہے ایسے بزدلانہ واقعات بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال پر سنگین سوالات اٹھاتے ہیں اور ہر شہری میں عدم تحفظ کا احساس پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح ڈاکٹروں، وکلاء، اور دیگر عوامی خدمت انجام دینے والے افراد کو اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران جان کے خطرات لاحق ہیں، اسی طرح عدلیہ سے وابستہ شخصیات کو بھی موثر اور جامع سیکیورٹی فراہم کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے حکومت ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام کے لیے فوری اور موثر اقدامات کرے تاکہ عوامی خدمت انجام دینے والے تمام طبقات خود کو محفوظ محسوس کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ حکومت بلوچستان اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کرتی ہے کہ اس سفاک حملے میں ملوث دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت ترین سزا دی جائے، واقعے کی شفاف تحقیقات کی جائیں، اور بلوچستان میں امن وامان کی بحالی کے لیے موثر، عملی اور دیرپا اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایم اے کوئٹہ برانچ شہداء کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتی ہے، زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کے لیے دعا گو ہے، اور اس مشکل گھڑی میں عدلیہ اور وکلاء برادری کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔

بقیہ 30

آفیسر عبدالستار دشتی نے واضح کیا ہے کہ منشیات کی کاشت، خرید و فروخت اور اس میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی اور مزید معلومات موصول ہونے پر مزید موثر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 31

ساتھ کھڑے ہیں سابق صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اور دہشت گرد عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری رہنی چاہئیں۔

بقیہ 32

شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کے واقعات کا تسلسل سے رونما ہونا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ملک دشمن عناصر اپنے بیرونی آقاؤں کی ایماء پر بلوچستان میں دہشت گردی کے ذریعے صوبے میں قیام امن کے لیے جاری کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ جس میں انہیں کبھی بھی کامیابی حاصل نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ نے بحیثیت جج فراہمی انصاف کے لیے جو کوششیں کیں وہ تادیر یاد رکھی جائیں گی۔ میر محمد صادق عمرانی نے دعا کی کہ اللہ پاک مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ صوبائی وزیر نے فائرنگ کے واقعے میں زخمی ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری اور ان کے محافظ کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی ہے۔

بقیہ 33

خوروں، ڈیتھ سکواڈ کے ذریعے پشتون علاقوں میں دہشت گردی، خوف و ہراس، درجنوں لوگوں کی شہادت اور درجنوں کے زخمی ہونے کے واقعات دراصل حکومتی سرپرستی میں جاری ہے اور ہنہ اوڑک، زیارت، ہرنائی، دکی، ہنجاوی کے واقعات ان کا تسلسل تھے۔ پشتونخوامیپ تمام ملک کے سیاسی جمہوری قوم پرور قوتوں، تنظیموں سے مطالبہ کرتی ہے کہ عوام پر مسلط صورتحال سے نجات کے لیے دلیرانہ موقف اختیار کرتے ہوئے ہمارے وطن کو ان مسلط قوتوں سے پاک کیا جائے اور مستونگ کے ججز کے واقعات کی مکمل انکوائری رپورٹ اور ملزمان کو قرار واقعی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ پارٹی متاثرہ خاندانوں کے اس غم میں ان کے ساتھ برابر کی شریک ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ کراچی شاہراہ پر مختلف ٹرانسپورٹ، کوچز پر فائرنگ کے نتیجے میں بھی شہری شہید و زخمی ہوئے تھے اور ٹرانسپورٹ کو نقصان پہنچا تھا اسی طرح اس اہم قومی شاہراہ پر موجودہ حکومت عوام کی جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہوگئی ہے۔ جب ایک عدالتی افسر بھی محفوظ نہیں تو ایک عام شہری، سرکاری ملازم، تاجر، مزدور، مسافر اور طالب علم کے تحفظ کی کیا ضمانت ہے؟ بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومتی نام نہاد امن و امان کے دعوؤں کے باوجود حالات روز بروز بدتر ہوتے جا رہے ہیں۔ سینکڑوں چیک پوسٹوں، ناکوں، سیکورٹی فورسز کے باوجود شاہراہیں غیر محفوظ ہیں، بازاریں ویران ہیں، کاروبار اور تجارت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں، روزگار کے مواقع ختم ہو رہے ہیں اور پورا معاشرہ خوف، بے یقینی اور افراتفری کا شکار ہے۔ صوبے میں بدامنی، دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری، چوری، ڈکیتی اور لاقانونیت نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ اس سنگین صورتحال کا سب سے زیادہ بوجھ پشتون عوام اٹھا رہے ہیں، جو ایک طرف معاشی تباہی اور دوسری طرف مسلسل قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور عدم تحفظ کا سامنا کر رہے ہیں۔ اگر ریاست اپنے شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہے اور خود وفاقی وزیر داخلہ یہ بیان دیتے ہیں کہ عوام اپنی حفاظت خود کریں، تو پھر یہ سوال پوری شدت سے پیدا ہوتا ہے کہ سالانہ اربوں روپے کے بجٹ پر چلنے والے سیکورٹی اداروں، ایجنسیوں اور متعلقہ حکومتی ڈھانچے کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟ بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت اپنی مسلسل ناکامی کا اعتراف کرتے ہوئے موجودہ وزیراعلیٰ اپنی آئینی اور انتظامی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں انہیں فوری طور پر مستعفی ہو جانا چاہیے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے فوری اور موثر اقدامات اٹھائیں جائیں اور تمام قومی و صوبائی شاہراہوں کو محفوظ بنایا جائے تاکہ شہری بلا خوف و خطر سفر کر سکیں، دہشت گردی، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری، چوری اور ڈکیتی کے خاتمے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر عملی اور نتیجہ خیز کارروائیاں کی جائیں۔ بیان میں شہید عبدالحکیم کاکڑ اور گن مین کے خاندانوں سے اظہار تعزیت اور زخمی ہونیوالے سیشن جج طارق لاشاری و دیگر افراد کی جلد صحتیابی کی دعا کی گئی ہے۔

بقیہ 34

دکاندار، درآمد و برآمد سے وابستہ افراد اور عام صارفین شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ اس غیر یقینی صورتحال نے کاروباری سرگرمیوں کو بری طرح متاثر کیا ہے اور ملکی معیشت پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ حاجی نور محمد شاہوانی نے کہا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ اگر ایندھن کی قیمتوں میں روزانہ تبدیلی کا سلسلہ جاری رہا تو ٹرانسپورٹرز کے لیے اپنے کاروبار کو منظم انداز میں چلانا ناممکن ہو جائے گا، جس کے اثرات پورے تجارتی نظام اور اشیائے ضروریہ کی ترسیل پر مرتب ہوں گے۔ انہوں نے حکومت پاکستان، وزارت خزانہ اور وزارت پیٹرولیم سے مطالبہ کیا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین روزانہ کے بجائے ماہانہ بنیاد پر کیا جائے تاکہ ٹرانسپورٹرز، تاجروں اور صنعت کاروں کو اپنے کرایوں اور کاروباری منصوبہ بندی میں استحکام حاصل ہو اور عوام بھی بار بار کرایوں میں اضافے سے محفوظ رہ سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر حکومت نے ٹرانسپورٹ برادری کے اس جائز مطالبے کو سنجیدگی سے نہ لیا تو بلوچستان بھر کی گڈز ٹرانسپورٹ تنظیموں کا مشترکہ اجلاس طلب کیا جائے گا۔ اس کے بعد پاکستان بھر کی گڈز ٹرانسپورٹ یونینز اور متعلقہ تنظیموں سے مشاورت کر کے آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے فوری طور پر اس مسئلے کا مناسب حل پیش نہ کیا تو بلوچستان بھر میں ایک شہر سے دوسرے شہر تک گڈز ٹرانسپورٹ عارضی طور پر معطل کرنے سمیت ملک گیر پرامن احتجاج پر غور کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں پاکستان بھر کی ٹرانسپورٹ تنظیموں سے اپیل کی جائے گی کہ وہ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے احتجاج میں شریک ہوں اور اپنی گاڑیاں سڑکوں پر نہ لائیں۔ ایسی کسی بھی صورتحال کی تمام تر ذمہ داری حکومت پاکستان پر عائد ہوگی۔ آخر میں انہوں نے حکومت پاکستان سے اپیل کی کہ وہ ملک کے وسیع تر قومی، تجارتی اور عوامی مفاد میں اس فیصلے پر فوری نظر ثانی کرے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین ماہانہ بنیاد پر کرے اور ٹرانسپورٹ سیکٹر کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے ٹرانسپورٹ نمائندوں سے فوری مذاکرات کا آغاز کرے۔

بقیہ 35

اس موقع پر انتخابات، تنظیمی امور اور کشمیری برادری سے متعلق اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کی کامیابی کے لیے بھرپور عوامی رابطہ مہم جاری رکھنے کے عزم کا بھی اظہار کیا گیا۔

بقیہ 36

مجلس عاملہ کے گزشتہ اجلاس کے فیصلوں کی روشنی میں ضلع بھر کی ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے دوروں کے شیڈول کو حتمی شکل دی گئی۔ اس مقصد کے لیے ضلعی مجلس عاملہ کے اراکین پر مشتمل دس خصوصی کمیٹیاں تشکیل دی گئیں جو طے شدہ شیڈول کے مطابق متعلقہ تحصیلوں اور یونٹوں کا دورہ کریں گی۔ ان دوروں کے دوران تنظیمی ڈھانچے، کارکردگی، فعالیت، عوامی رابطوں، جماعتی نظم و ضبط اور دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ علاوہ ازیں، دورہ جاتی شیڈول اور باقاعدہ سرکلر تمام متعلقہ تحصیلوں اور یونٹوں کو ارسال کیے جائیں گے۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ 28 جولائی کو ضلعی سیکرٹریٹ میں دوپہر 12 بجے ضلعی مجلس عاملہ کا اجلاس جبکہ شام 4 بجے ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے امراء و نظماء کا نمائندہ اجلاس منعقد ہوگا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا کہ موجودہ نازک حالات میں جمعیت علماء اسلام ملک کے مظلوم محروم اور محکوم عوام کی حقیقی آواز اور واحد ترجمان جماعت ہے۔ جمعیت نے ہمیشہ اصولوں اور عوامی مفادات کو مقدم رکھا ہے اور کبھی وقتی مصلحتوں یا ذاتی مفادات کی خاطر اپنے موقف پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ جو عناصر آمریت کی آغوش میں بیٹھ کر جمہوری قوتوں پر بے جا تنقید اور سنگ زنی کر رہے ہیں تاریخ انہیں کبھی معاف نہیں کرے گی بلکہ وہ ایک دن اپنے کردار پر ضرور نادم ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بالخصوص بلوچستان جن سنگین سیاسی معاشی اور امن و امان کے مسائل سے دوچار ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ ایسے کٹھن حالات میں عوام کی نظریں جمعیت علماء اسلام کی قیادت پر مرکوز ہیں کیونکہ یہی جماعت مظلوم طبقات کے حقوق، قومی وحدت کے تحفظ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہی ہے انہوں نے تمام ذمہ داران پر زور دیا کہ وہ تنظیمی فعالیت میں مزید تیزی لائیں عوام سے اپنے روابط مضبوط کریں اور جماعت کے پیغام کو ہر گھر تک پہنچانے کے لیے اپنی ذمہ داریاں دیانت، اخلاص اور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔

بقیہ 37

حکومت فوری طور پر اس مسئلے کو حل کرے یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی اس موقع پر محمد ابراہیم، حضرت علی اچکزئی، حاجی یاسین سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بدامنی کی وجہ سے ٹرانسپورٹ سیکٹر شدید بحران سے دوچار ہے ٹرانسپورٹرز اور گڈز کمپنیاں خضدار سے کوئٹہ اور تفتان تک قومی شاہراہیں غیر محفوظ ہونے کی وجہ سے آئے روز مسلح افراد گاڑیوں کو روک کر سامان قبضے میں لیکر تاوان طلب کرتے ہیں گاڑیوں کو نذر آتش کیا جاتا ہے ڈرائیوروں کو تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے ہمارا مطالبہ ہے کہ قومی شاہراہوں کو ٹریفک کی آمد و رفت کے لئے محفوظ بنانے کے ساتھ ساتھ چھینی گئی گاڑیاں اور لاپتہ سامان ہمیں دلایا جائے اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے ٹرانسپورٹ جو کہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے زبوں حالی کا شکار ہے اور قومی شاہراہوں پر غیر قانونی رکاوٹوں کا خاتمہ کیا جائے کیونکہ گڈز گاڑیاں مزدا ٹرک، کنٹینرز، مسافر کوچز، آئل ٹینکر، بوزر سمیت کسی قسم کی ٹرانسپورٹ محفوظ نہیں جس کی وجہ سے کاروباری حلقوں، ٹرانسپورٹروں اور ڈرائیوروں سمیت مالکان میں شدید تشویش پائی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ کسٹم ویئر ہاؤس میں آتشزدگی سے پہنچنے والے نقصانات کا ازالہ نہیں کیا جاتا جس کی وجہ سے اربوں روپے کا نقصان ہوا ہے انہوں نے کہا کہ جب تک موثر سکیورٹی اور تحفظ فراہم نہیں کیا جاتا گڈز کمپنیاں لوڈنگ بند رکھیں گی اس دوران کوئی کمپنی پرچون سامان لوڈ کرتی ہے تو راستے میں گاڑی کو پہنچنے والے کسی بھی نقصان کی ذمہ داری متعلقہ کمپنی پر عائد ہوگی انہوں نے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی، کور کمانڈر 12 کور اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کی قومی شاہراہوں کو پرامن بناتے ہوئے ٹرانسپورٹروں کو تحفظ فراہم کیا جائے تاکہ کاروباری سرگرمیاں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے جلائی جانے والی گاڑیوں کے ازالے کیلئے جو 10 لاکھ روپے معاوضہ رکھا ہے وہ مہنگائی اور گاڑی کی قیمت سے بہت کم ہے اس کو بڑھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جو ڈرائیور وقتی فائدے کے لئے گاڑی اور اپنی جان خطرے میں ڈال رہے ہیں اس سے اجتناب برتنا چاہئے۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حکومت اپنے سیکورٹی اور سرکاری اداروں کے تحفظ کو یقینی بنانے میں ناکام ہے تو عوام کے تحفظ کو کیسے یقینی بنائے گی حکومت ناکام ہو چکی ہے

TENDER NOTICE

The PD Clean Drinking water for All UCs invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-262707I132671 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.** Tender Fee Not Required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Furniture & Fixtures (Total Item(s) Count: 9)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 1,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 900,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Samples of Furniture and Fixtures and all other Items are to be shown to the Procurement Committee for ensuring the quality **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 10 August, 2026 during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 10 August, 2026 till 09:30 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:30 AM Address: PLANNING & DEVELOPMENT DEPARTMENT Phone no: 3334600627
Email: sheikhmuhammadmehdi@gmail.com

**Project Director
Clean Drinking water for All UCs**

DAB/AB No.89/23-7-2026

ہماری گاڑیوں اور ڈرائیوروں کو مکمل سیکورٹی فراہم نہیں کی جاتی ہم سامان کی لوڈنگ نہیں کریں گے، نواب خان مینگل

تحفظ فراہم نہ کرنے تک گاڑیوں کی لوڈنگ نہیں ہوگی آل پاکستان گڈز ایسوسی ایشن

آئے روز مسلح افراد گاڑیوں کو روک کر سامان قبضے میں لیکر تاوان طلب کرتے ہیں گاڑیوں کو نذر آتش کیا جاتا ہے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان مزدا ٹرک گڈز ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے چیئرمین نواب خان مینگل، مرکزی انجمن تاجران رجسٹرڈ بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، نور احمد کاکڑ نے بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر مال بردار گاڑیوں پر فائرنگ جلانے اور لوٹ مار کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک ہماری گاڑیوں اور ڈرائیوروں کو مکمل سیکورٹی فراہم نہیں کی جاتی ہم سامان کی لوڈنگ نہیں کریں گے (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

حکومت ماہانہ بنیاد پر قیمتوں کا تعین کرے، بلوچستان گڈز

بصورت دیگر ملک گیر احتجاج پر مجبور ہوں گے، حاجی نور محمد شاہوانی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز اینڈ ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر، حاجی نور محمد شاہوانی نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر رد و بدل کا فیصلہ فوری طور پر واپس لیا جائے اور قیمتوں کا تعین ماہانہ بنیاد پر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ تبدیلی کے باعث ایک شہر سے دوسرے شہر تک مال برداری کے کرایوں کا تعین کرنا انتہائی مشکل بلکہ ناممکن ہو چکا ہے۔ ٹرانسپورٹرز روزانہ کرایوں میں رد و بدل نہیں کر سکتے، جس کے باعث ٹرانسپورٹ کا شعبہ، تاجر برادری، صنعت کار، (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

کوئٹہ میں مقیم کشمیری کمیونٹی کے مختلف وفود کی پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں سے ملاقاتیں

کوئٹہ (آن لائن) آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات کے سلسلے میں کوئٹہ میں مقیم کشمیری کمیونٹی کے مختلف وفود نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں مشیر وزیر اعلیٰ سندھ نجمی عالم، پیپلز پارٹی کشمیر سندھ کے صدر سردار ذوالفقار اور صوبائی وزیر صحت و پارٹی رہنما بخت محمد کاکڑ سے ملاقات کی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

بلوچستان سنگین سیاسی معاشی اور امن وامان کے مسائل سے دوچار ہے

دس خصوصی کمیٹیاں تشکیل دی گئیں جو طے شدہ شیڈول کے مطابق متعلقہ تحصیلوں اور یونٹوں کا دورہ کریں گی

ضلعی سیکرٹریٹ میں ضلعی مجلس عاملہ جبکہ شام 4 بجے ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے امراء و نظماء کا نمائندہ اجلاس کا فیصلہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مرکزی کمیٹی کا اہم اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی صدارت میں ضلعی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ مسعود احمد، مولانا محمد شعیب جدون، حاجی قاسم خان خلجی اور عبدالصمد حقیار نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی ملاقات کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا اہم اجلاس

طبی عملے کی دستیابی، ادویات کی فراہمی اور شعبہ صحت سے متعلق مختلف اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

خدمات کے معیار کو بلند کرنے کے حوالے سے متعدد اہم فیصلے

تمپ (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر برکت علی بلوچ کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس تمپ میں منعقد ہوا۔ جس میں ضلع بھر میں صحت عامہ کی سہولیات، سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت کی کارکردگی، طبی عملے کی دستیابی، ادویات کی فراہمی اور شعبہ صحت سے متعلق مختلف اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

سم نالے کی تعمیر فوری طور پر رکوائی جائے، کمشنر نصیر آباد ڈویژن

حدود میں زیر تعمیر سم نالے کا کام سندھ اریگیشن کی جانب سے کیا جا رہا ہے

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت سندھ اریگیشن کی جانب سے بلوچستان کے حصے میں این او سی کے بغیر سم نالے کی تعمیر کی روک تھام کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چیف انجینئر کینال قربان علی (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

خواتین کی صحت اور وقار کا تحفظ حکومتی اولین ترجیح ہے، غزالہ گولہ

ایم ایچ ایم ورکنگ گروپ کا یونیسف کے تعاون سے بلوچستان کی خواتین کی صحت سے جڑے معاملات پر مشاورتی اجلاس

مصنوعات کی مفت فراہمی کے مطالبے کے علاوہ اس کے ماحولیاتی پہلوؤں اور محفوظ ڈسپوزل پر معلومات کو عام کرنا ہے

کوئٹہ (خ ن) ایم ایچ ایم ورکنگ گروپ نے یونیسف کے تعاون سے کوئٹہ میں صوبہ بلوچستان کی خواتین کی صحت، بالخصوص ایم ایچ ایم سے جڑے کے معاملات پر مشاورتی اجلاس کی صدارت ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ کے علاوہ ایم پی اے رحمت صالح بلوچ نے کی۔ جس میں ایم این اے اختر بی بی، اراکین بلوچستان اسمبلی خیر جان بلوچ، شاہدہ رؤف، کلثوم نیاز بلوچ، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

جعلی حکومت امن وامان کے قیام میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، ایچ ڈی پی

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں مستونگ کے علاقے میں ڈسٹرکٹ سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور انکے گن مین محمد زمان کی شہادت اور ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری کے زخمی ہونے کے واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

ڈاکٹر مرشد دشتی کا (BHU) شینکانی در کا مانیٹرنگ دورہ

طبی سہولیات کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی گوادر ڈاکٹر مرشد دشتی نے بنیادی مرکز صحت (BHU) شینکانی در کا تفصیلی مانیٹرنگ دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈاکٹر مرشد دشتی نے طبی عملے کی حاضری، او پی ڈی رجسٹر، ادویات کے دستیاب ذخیرے، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ریکارڈ کی درستگی اور مرکز صحت میں جاری خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دور دراز علاقوں کے عوام کو معیاری (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

ریاست عوام کو تحفظ دینے میں ناکام، حکومت مستعفی ہو، پشتونخوامیپ کا مطالبہ

مستونگ میں سیشن جج و دیگر پر حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت، مکمل انکوائری رپورٹ اور ملزمان کو قرار واقعی کا مطالبہ

موجودہ وزیر اعلیٰ اپنی آئینی اور انتظامی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں انہیں فوری طور پر مستعفی ہو جانا چاہیے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور گن مین کی شہادت اور ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت دو افراد کے زخمی ہونے کے وحشیانہ، سفاکانہ، اندوہناک، دہشتگردی کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور یہ حکومت کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ گزشتہ تین ماہ سے مسلسل پراکسیز اور حکومتی پروردہ مسلح گروہوں، بھتہ (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

نرسنگ کالجز ایڈمیشن ٹیسٹ (NCAT-2026) اتوار 09 اگست 2026 کو منعقد کیا جائیگا، اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز (BUMHS)، کوئٹہ کی جانب سے 13 سرکاری نرسنگ کالجز (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

کوئٹہ، سیکریٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان ڈیپارٹمنٹل سب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گوادر میں محفوظ سیاحتی زون کے قیام سے متعلق اجلاس

سیاحت کے فروغ کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کرنے پر اتفاق

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت گوادر میں محفوظ سیاحتی زون کے قیام سے متعلق اجلاس منعقد ہوا، جس میں متعلقہ محکموں کے افسران جن میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ظہور احمد بلوچ، گوادر پورٹ اتھارٹی کے شبیر احمد، اور منیر احمد بانا، ادارہ ترقیات گوادر کے شاہد بلوچ سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی اجلاس میں گوادر کے موزوں سیاحتی مقامات (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار محمد عمر کو بجلی کے بل پر 34700 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار محمد عمر نے بتایا کہ انہیں کیسکو کی جانب سے غیر منصفانہ طور پر بجلی کا بل موصول ہوا۔ جس کی درستگی کے لیے انہوں نے متعدد بار کیسکو آفس کے چکر کا (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

بی آر اے کی حب ٹیم کا مختلف ڈاکٹروں، کلینکس اور طبی مراکز کا دورہ

سروس فراہم کنندگان کیلئے رجسٹریشن اور ٹیکس قوانین کی پابندی لازمی ہے

حب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی کی رہنمائی اور چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی حب ٹیم نے مختلف ڈاکٹروں، کلینکس اور طبی مراکز کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران متعلقہ سروس فراہم کنندگان کو بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2015 کے تحت (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

ندیم شاہ کا زبیدہ جلال کے شوہر کی وفات پر اظہار تعزیت

اللہ تعالیٰ مرحوم میر چنگیز خان کرد کی کامل مغفرت فرمائے: سید فیروز شاہ

کوئٹہ (آن لائن) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے کوئٹہ بلوچستان سید ندیم عالم شاہ، ان کی اہلیہ سابق صدر کوئٹہ چلتن لائنز کلب خدیجہ ندیم، حکومت پاکستان کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ اور پاک جاپان فرینڈ شپ سوسائٹی کوئٹہ بلوچستان کے صدر (تمغہ امتیاز) سید فیروز شاہ نے سابق وفاقی وزیر تعلیم زبیدہ جلال کے شوہر میر چنگیز خان کرد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور اپنے تعزیتی پیغام میں میر چنگیز خان کرد کے انتقال کو ایک بڑا سانحہ قرار دیتے ہو (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

کشمیری برادری کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و مشیر وزیر اعلیٰ سندھ نجمی عالم، پیپلز پارٹی کشمیر سندھ کے صدر سردار ذوالفقار اور دیگر رہنماؤں نے صوبائی وزیر صحت و پارٹی رہنما (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

فیصل جمالی کا سٹی تھانہ میں سیف سٹی قائم کنٹرول روم کا دورہ

کیمروں کی نصب سے انتظامیہ کو جرائم پیشہ عناصر تک پہنچنے میں مدد بھی ملے گی

نگرانی کے نظام سیکورٹی انتظامات مجموعی کارکردگی کے متعلق بریفنگ دی

اوستہ محمد (خ ن) صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی کا سٹی تھانہ میں سیف سٹی قائم کنٹرول روم کا دورہ ایس ایس پی کی صوبائی وزیر کو بریفنگ تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے سردار محمد ہارون خان جمالی اور ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کے ہمراہ سٹی تھانہ میں سیف سٹی کنٹرول روم کا معائنہ کیا ایس ایس پی حافظ معاذ الرحمان نے صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی کو شہر میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی نگرانی کے نظام سیکورٹی انتظامات مجموعی کارکردگی کے متعلق بریفنگ دی جبکہ ایس ایس پی نے وفد کو ضلع (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

گوادر، اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت نئے ترقیاتی منصوبوں پر باقاعدہ عملدرآمد کا آغاز

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان کی ہدایت پر اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت نئے ترقیاتی منصوبوں پر باقاعدہ عملدرآمد کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کا مقصد قدیمی شہر کے بنیادی ڈھانچے (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کا وضاحتی بیان جاری

فی الحال بلوچستان میں گڈز ٹرانسپورٹ کی کسی قسم کی ہڑتال نہیں نہ ہی کوئی فیصلہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے ترجمان نے اپنے وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ فی الحال بلوچستان میں گڈز ٹرانسپورٹ کی کسی قسم کی ہڑتال نہیں ہے، اور نہ ہی اس وقت ہڑتال کرنے کا کوئی فیصلہ کیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق، ایسوسی ایشن ملک بھر کے ٹرانسپورٹرز، بالخصوص کراچی پورٹ سے وابستہ نمائندوں کے ساتھ مشاورت کے (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

صحبت پور اور گردونواح نواح میں طوفانی ہواؤں اور بارشوں کے سبب شاہی فیڈر کے دو پول گر گئے

مانجھی پور (آن لائن) صحبت پور اور گرد و نواح نواح میں طوفانی ہواؤں اور بارشوں کے سبب شاہی فیڈر کے دو پول گر گئے جس کی وجہ سے سپلائی معطل ہوگئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب مانجھی پور شاہی واہ فیڈر کے بجلی کے پول گر گئے جس کی وجہ سے مانجھی پور، پہنور، سنہڑی، میہو پور اور گرد و نواح کی بجلی رات سے معطل ہوگئی جس کی وجہ سے یہاں کے رہائشی گرمی کے سخت لمحات گزارنے پر مجبور علاقائی عوام نے چیف کیسکو سمیت اعلیٰ حکام سے صحبت پور گرڈ سے شاہی واہ فیڈر کی (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

پولیس ایف آئی آر درج کرنے کے باوجود میرے بھائی کو گرفتار نہیں کر رہی، ثناء اللہ

کوئٹہ (آن لائن) نیو کاہان مری کیمپ کوئٹہ کے رہائشی ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پولیس ایف آئی آر درج کرنے کے باوجود میرے بھائی کو گرفتار نہیں کر رہی وہ مجھے موبائل نمبر سے (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

کوئٹہ، مستونگ کھڈ کوچہ میں مقامی کوچ پر فائرنگ واقعہ میں شہید ہونیوالوں کی میتیں اے سی سٹی حمزہ خان، سرجن ڈاکٹر عطاء اللہ کی موجودگی میں سول ہسپتال سے انکے آبائی علاقے روانہ کی جا رہی ہیں

دہشت گرد اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل کے لیے بے گناہ اور معصوم شہریوں کا خون بہا رہے ہیں، بیان

پوری قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے، علی مدد جتک

ترقی اور خوشحالی کا خواہاں ہے اور دہشت گردی کے خلاف سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑا ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے ضلع مستونگ میں دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کے نتیجے میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے محافظ کی شہادت پر گہرے دکھ، افسوس اور شدید مذمت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی و مذمتی بیان میں صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ دہشت گرد اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل کے لیے بے گناہ اور معصوم شہریوں کا خون بہا رہے ہیں، مگر (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

بلوچستان کے عوام امن پسند ہیں، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

امن کے قیام کیلئے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے مستونگ میں دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین محمد زمان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی شدید مذمت کی ہے اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ قانون اور انصاف کے محافظوں کو نشانہ بنانا نہایت افسوسناک اور ناقابل قبول عمل ہے۔ ایسے واقعات کا مقصد خوف و ہراس پھیلانا اور ریاستی اداروں کو کمزور کرنا ہے، تاہم دہشت گرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے

جامعہ بلوچستان کو درپیش مالی مشکلات کے مکمل حل کیلئے مزید بیل آؤٹ پیکج کی ضرورت ہے، اکیڈمک اسٹاف

کوئٹہ (آن لائن) اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے ترجمان نے اپنے بیان میں اس امر پر اطمینان اور خوشی کا اظہار کیا ہے کہ اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن، دیگر ملازمین کی تنظیموں اور جامعہ بلوچستان کی انتظامیہ کی مسلسل کاوشیں بالآخر رنگ لے آئیں، اور (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

نام نہاد ٹینکر ایسوسی ایشن کا دعویٰ من گھڑت ہے، واسا

این او سی نہ رکھنے والے ٹیوب ویلوں کو فوری طور پر بند کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ واسا کی جانب سے نام نہاد ٹینکر ایسوسی ایشن کے اس دعوے کو من گھڑت اور غیر حقیقی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ شہر میں واسا کے 450 اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سمیت دیگر محکموں کے 600 سے زائد ٹیوب ویل شہریوں کو پینے کا صاف پانی دن رات مہیا کر رہے ہیں۔ جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ میں واسا کے 450 سے زائد ٹیوب ویل موجود ہیں۔ اسی طرح پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور دیگر محکموں کے 600 سے زائد ٹیوب ویل دن رات کوئٹہ کے شہریوں کو پانی مہیا کر رہے ہیں۔ شہر کے گرد و نوا (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

مانجھی پور، 30 فٹ کا شگاف پڑنے سے متعدد دیہات اور سینکڑوں ایکڑ پر کھڑی فصلیں زیر آب

مانجھی پور (آن لائن) ہر سال کی طرح اس سال بھی مانجھوٹی شاخ کو گوٹھ سیف اللہ کھوسہ کے سامنے 30 فٹ کا شگاف پڑنے سے متعدد دیہات اور سینکڑوں ایکڑ پر کھڑی فصلیں زیر آب آ گئی کچھ دن پانی کی شدید کمی کے بعد نہر میں اچانک زیادہ پانی چھوڑ دیا گیا۔ اگر شگاف (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

مستونگ میں فائرنگ سے شہید ہونے والے سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ کی میت ایمبولینس میں پڑی ہے

ضلع برشور پولیس کی دور افتادہ پہاڑی علاقوں میں کامیاب آپریشن

ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی، عبدالستار دشتی

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی خصوصی ہدایات پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر برشور عبدالستار دشتی کی سربراہی میں ضلع برشور پولیس نے دور افتادہ پہاڑی علاقوں میں کامیاب آپریشن کرتے ہوئے تھانہ ابراہیم خان کے علاقے (زڑ کس) میں خفیہ طور پر کاشت کی گئی افیون (پوست) کی فصل تلف کر دی ہے، جبکہ دو افغان باشندوں کو بھی حراست میں لیا گیا ہے، واضح رہے کہ یہ آپریشن عوامی شکایات پر کیا گیا ہے، اس بابت ضلعی و مقامی عمائدین اور عوامی حلقوں کی جانب سے پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی گئی ہے، تاہم ضلعی پولیس (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بولان کچھی کی حالیہ ٹینڈر رنگ پالیسی کے خلاف بھاگ شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال

بھاگ (آن لائن) رند پینل اور ضلعی چیئرمین بولان میر بھرگ خان رند کی کال پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بولان کچھی کی جانب سے حالیہ ٹینڈر رنگ پالیسی کے خلاف بھاگ شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی وجہ سے بھاگ شہر کے تمام تجارتی مراکز مکمل طور (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

ہر شہری میں عدم تحفظ کا احساس پیدا کرتے ہیں، ڈاکٹر نادر خان اچکزئی

ججوں پر حملہ صرف ایک فرد پر نہیں بلکہ ریاست، آئین، قانون اور نظام انصاف پر حملہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ کے صدر ڈاکٹر نادر خان اچکزئی اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد شعیب بلوچ نے کہا ہے کہ پی ایم اے مستونگ میں قومی شاہراہ پر گاڑی پر فائرنگ کے نتیجے میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور انکے گن مین محمد زمان کی شہادت اور ایڈیشنل سیشن جج طارق لاشاری سمیت دیگر افراد کے زخمی ہونے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

دکی، نامعلوم ملزمان موٹر سائیکل چھیننے کے دوران فائرنگ کرکے نوجوان کو قتل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) دکی کے علاقے میں نامعلوم ملزمان موٹر سائیکل چھیننے کے دوران فائرنگ کرکے نوجوان کو قتل کر دیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز دکی کے علاقے سلیزئی کراس کے قریب نامعلوم راہزنوں نے طارق نامی نوجوان سے موٹر سائیکل چھینی مزاحمت پر فائرنگ کرکے زخمی کر دیا

جامعہ لسبیلہ کے اعلیٰ سطحی وفد کی (DLOU) چین کا دورہ

شراکت داری کو مزید وسعت دینے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے

لسبیلہ (خ ن) ایم این اے لسبیلہ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان عالیانی کی ہدایت پر لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز (لوامز) پاکستان کے وائس چا (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

کوئٹہ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امیر مولانا محمد عارف دمڑ، قاری امداد اللہ، ڈاکٹر بسم اللہ و دیگر چمن میں بارڈر بندش، مہنگائی و بدامنی کے خلاف عوامی جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

ڈیجیٹل سہولیات اور ادارہ جاتی تعاون کے ذریعے صوبے میں سرمایہ کاری کے ماحول کو مزید بہتر بنا رہی ہے

سرمایہ کاروں کی سہولت کیلئے بزنس فیسیلیٹیشن سینٹر قائم کیا گیا ہے، بلال کاکڑ

حکومت سرمایہ کاری کے فروغ، کاروبار میں آسانی اور نجی شعبے کے اعتماد کو مستحکم کرنے کیلئے متعدد اصلاحات اور عملی اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان اپنے وسیع قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت، معدنی ذخائر، توانائی، زراعت، لائیو اسٹاک، ماہی گیری، سیاحت اور ساحلی معیشت کی بدولت ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے غیر معمولی مواقع فراہم کرتا ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت بلوچستان سرمایہ کاری کے فروغ، کاروبار میں آسانی اور نجی شعبے کے اعتماد کو (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

چاغی کے عوام آخر کب تک اپنے بنیادی حق سے محروم رہیں گے؟، حاجی قادر بخش

سیندک، تفتان، نوکنڈی، دالبندین اور دیگر علاقوں کو عوام مسائل کا سامنا ہے، بیان

چاغی (آن لائن) سیندک کے قبائلی رہنما اور یونین کونسل تفتان کے رکن حاجی قادر بخش موسیٰ زئی نے ضلع چاغی میں ہزاروں شہریوں کے بلاک شناختی کارڈز کے مسئلے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیندک، تفتان، نوکنڈی، دالبندین اور دیگر علاقوں کے عوام ایک ایسے مسئلے کا سامنا کر رہے ہیں جو روز بروز سنگین ہوتا جا رہا ہے۔ ضلع چاغی کے عوام آخر کب (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

کوہلو میں گزشتہ روز ہونے والی مسلسل چار گھنٹے کی موسلادھار بارش کے باعث (بیعو بہ ڈیم) بھر گیا

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں گزشتہ روز ہونے والی مسلسل چار گھنٹے کی موسلادھار بارش کے باعث (بیعو بہ ڈیم) بھر گیا، جس کے بعد اسپل وے سے پانی کا اخراج جاری ہے۔ شدید بارش کے نتیجے میں کئی مکانات کو نقصان پہنچا، جبکہ مختلف علاقوں میں ندی نالوں میں طغیانی کے باعث ضلعی انتظامیہ، میونسپل کمیٹی، پی ڈی ایم اے اور دیگر متعلقہ (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

کوہلو، شدید بارش گاؤں کلی جمعہ خان مری میں بھی بڑے پیمانے پر تباہی

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو سے تعلق رکھنے والے قبائلی رہنما ڈاکٹر جمعہ خان مری اور ان کے بھتیجے بھاول خان مری نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ شب مسلسل چار گھنٹے تک ہونے والی شدید بارش نے پورے ضلع کوہلو کی طرح ان کے گاؤں، کلی جمعہ خان مری، میں بھی بڑے پیمانے پر تباہی مچائی۔ انہوں نے کہا کہ مقامی نوجوانوں نے اپنی مدد آپ کے تحت امدادی اور ریسکیو سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیا، جس پر وہ تمام نوجوانوں کے شکر گزار (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

گرین و پنک بس منصوبے کو فوری وسعت دی جائے، پشتونخوامیپ کوئٹہ

نوحصار تا ٹیکسی سٹینڈ و دیگر روٹس پر بسز چلائی جائیں تاکہ عوام کو ریلیف حاصل ہو سکیں

ماحولیاتی آلودگی اور غیر منظم ٹرانسپورٹ کے مسائل میں بھی نمایاں کمی لانے کا سبب بنے گی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ کے لاکھوں آبادی کے لیے گرین بس منصوبے کو فوری وسعت دی جائے، لاکھوں شہریوں کو معیاری سفری سہولیات فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ گرین بس منصوبہ عوام کے لیے ایک مثبت اور مفید اقدام ہے، تاہم تقریباً 40 لاکھ آبادی کے شہر میں چند گرین بسوں (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

نصیر آباد میں سرکاری تعلیمی اداروں کے معیار کو بہتر بنانے اور طلبہ کو جدید سہولیات فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کا آغاز

فرید آباد (خ ن) ضلع نصیر آباد میں سرکاری تعلیمی اداروں کے معیار کو بہتر بنانے اور طلبہ کو جدید سہولیات فراہم کرنے کے لیے حکومت بلوچستان نے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ حکومت بلوچستان، PPMU اور محکمہ تعلیم SED کے اشتراک سے تعمیر خلق (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

دہشت گرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری رہنی چاہئیں، عبدالرحمٰن کھیتران

بلوچستان میں امن وامان کا قیام اور عوام کے جان ومال کا تحفظ سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

کوئٹہ (آن لائن) سابق صوبائی وزیر و رکن بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمٰن نے مستونگ میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے گن مین کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عدلیہ سے وابستہ شخصیات پر حملے ریاست کے امن اور قانون کی عملداری کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہیں، جنہیں ہرگز کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ سردار عبدالرحمٰن نے شہداء کے درجات کی بلندی، مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم شہداء کے اہل خانہ کے (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

جج عبدالحکیم کاکڑ نے بحیثیت جج فراہمی انصاف کیلئے جو کوششیں کیں وہ تادیر یاد رکھی جائیں گی، صادق عمرانی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن، پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے ضلع مستونگ میں قومی شاہراہ پر دہشت گردی کے اندوہناک واقعے میں سیشن جج عبدالحکیم کاکڑ اور ان کے محافظ کی (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

کوئٹہ، ڈی جی کیوڈی اے اورنگزیب کاسی محکمانہ امور کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، سیکریٹری کیوڈی اے دانیال علی بھی موجود ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com